CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | ہفتہ، 20 جون 2026ء، 4 محرم الحرام 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 169

کفایت شعاری اقدامات میں توسیع

وزیراعظم شہباز شریف نے کفایت شعاری پالیسی کے تحت سرکاری گاڑیوں کے استعمال، ایندھن کے اخراجات اور غیر ملکی دوروں پر عائد پابندیوں میں 30 جون تک توسیع کی منظوری دے دی

کابینہ ڈویژن کے نوٹیفکیشن کے مطابق 60 فیصد سرکاری گاڑیاں بدستور گراؤنڈ رہیں گی جبکہ سرکاری اداروں میں اخراجات کم کرنے کے اقدامات بھی جاری رکھے جائیں گے

وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ براہ راست عوام تک پہنچانے کے لیے نئے اور شفاف فارمولے کی تیاری کا اعلان کیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کفایت شعاری اقدامات میں 30 جون تک توسیع کی منظوری دیدی۔ خصوصی کمیٹی کی سفارش پر وزیراعظم کی منظوری کے بعد کابینہ ڈویژن نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے مطابق سرکاری گاڑیوں میں ایندھن کے استعمال میں 50 فیصد کمی میں 30 جون تک توسیع ہوگی۔ 60 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کرنے کے احکامات میں بھی 30 جون تک توسیع ہوگی اور ساتھ ہی سرکاری افسران اور حکام کے غیر ملکی دوروں پر بھی پابندی 30 جون تک برقرار رہے گی۔ پیٹرول قیمت وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز نے پیٹرول کی قیمت میں کمی کے حوالے سے عوام کو بڑی خوشخبری دیتے ہوئے کہا کہ قیمتوں میں کمی کا فائدہ فوری طور پر عوام تک پہنچانے کے لیے فارمولا تیار ہو (بقیہ نمبر 1)

چکوال فائرنگ کیس، ہانیہ کی موت پر عدالتی تحقیقات کی درخواست دائر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چکوال فائرنگ کیس میں 9 سالہ ہانیہ کی موت پر عدالتی تحقیقات کیلئے درخواست دائر کردی گئی، جس میں کہا ہے کہ سپریم کورٹ یا ہائی کورٹ کے کسی حاضر سروس یا ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں ایک خودمختار جوڈیشل کمیشن بنایا جا (بقیہ نمبر 6)

صدر نے دونوں چیف جسٹسز کے دورۂ روس کی منظوری دیدی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صدر مملکت نے سپریم کورٹ اور وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹسز کے دورۂ روس کی منظوری دے دی ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان اور چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت (بقیہ نمبر 5)

اسرائیل سمیت تمام محاذوں پر مکمل جنگ بندی کی توقع رکھتے ہیں: ٹرمپ

واشنگٹن: (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ امریکا امن کے لیے پرعزم ہے، ہم لبنان، حزب اللہ، اسرائیل سمیت تمام محاذوں پر مکمل جنگ بندی کی توقع رکھتے ہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے ٹروتھ سوشل پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے صوبائی بجٹ کی منظوری دے دی

پشاور (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے صوبائی بجٹ کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کی زیرِ صدارت کابینہ کا اجلاس ہوا، جس میں کابینہ نے آئندہ مالی سال (27-2026) کے بجٹ کی منظوری دے دی ہے (بقیہ نمبر 2)

مغرب میں جمہوریت، مشرق میں کمیونزم ناکام اور حل اسلامی نظام میں ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ مغرب میں جمہوریت، مشرق میں کمیونزم ناکام اور حل اسلامی نظام میں ہے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع چارسدہ میں شہید مولانا محمد ادریسؒ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 3)

اسرائیل کے امریکا ایران معاہدے پر دستخط کے باوجود لبنان پر حملے

اسرائیلی فوج کی جنوبی لبنان میں فضائی کارروائیاں جاری، ڈرون حملے میں متعدد شہری جاں بحق

جنگ بندی معاہدے کے باوجود اسرائیلی حملوں میں شدت، لبنان میں انفراسٹرکچر اور شہری آبادی متاثر

بیروت (بیورو رپورٹ) اسرائیلی فوج کی جانب سے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری ہے، صیہونی فوج نے جنوبی لبنان میں کل پھر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے، عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق دو افراد گاڑی پر ڈرون حملے کے نتیجے میں جان سے گئے جبکہ ایک شخص دوسرے حملے میں جاں بحق ہوا۔ دریں اثناء امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مفاہمتی معاہدے پر دستخط کے باوجود اسرائیل نے لبنان میں اپنی فوجی کارروائیوں کو ملکی سلامتی کے لیے ضروری قرار دیتے ہوئے جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ بین الاقوامی خبر (بقیہ نمبر 7)

ثالثی میں اہم کردار

ایرانی صدر کا پاکستانی قیادت کا شکریہ

ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی کامیاب ثالثی اور مخلصانہ کردار کو سراہتے ہوئے خصوصی شکریہ ادا کیا

وزیراعظم شہباز شریف نے تاریخی اسلام آباد امن معاہدے کو خطے میں امن، استحکام اور پاکستان ایران تعلقات کے فروغ کے لیے اہم سنگ میل قرار دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے ثالثی میں اہم کردار کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ وزیراعظم ہاؤس کی طرف سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے درمیان اسلام آباد امن معاہدے پر دستخط کے بعد پہلی بار ٹیلی فونک رابطہ ہوا، دونوں رہنماؤں میں 30 منٹ سے زائد تک بات چیت جاری رہی۔ اعلامیے کے مطابق وزیراعظم نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان، قیادت اور برادر عوام کو تاریخی امن معاہدے پر دستخط پر مبارکباد دی۔ شہباز شریف نے کہا کہ یہ تاریخی معاہدہ خطے میں امن کے قیام میں مددگار ثابت ہوگا، اور ایرانی قوم کی تعمیر نو، پاکستان اور ایران کے تعلقات مزید مضبوط بنانے کا باعث بھی بنے گا۔ وزیراعظم ہاؤس کے مطابق وزیراعظم نے ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای کیلیے بھی (بقیہ نمبر 8)

کراچی ٹرانسپورٹ اتحاد کی غیر معینہ ہڑتال کا اعلان

ای چالان جرمانوں اور سبسڈی عدم ادائیگی پر سخت احتجاج جاری

کراچی (نیوز ڈیسک) صدر کراچی ٹرانسپورٹ اتحاد کا کہنا ہے کہ ہڑتال کا فیصلہ غیر معینہ مدت کے لیے ہے مشترکہ اجلاس میں حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق صدر کراچی ٹرانسپورٹ اتحاد کا کہنا ہے کہ ہڑتال کا فیصلہ ہر طرف سے مایوسی کے بعد کیا گیا ہے، مطالبات (بقیہ نمبر 13)

وفاقی آئینی عدالت کا کنٹریکٹ ملازمین سے متعلق اہم فیصلہ

مستقل کام کیلئے کنٹریکٹ بھرتیاں غیر آئینی قرار، برابری اصول نافذ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے کنٹریکٹ ملازمین کے حوالے سے اہم حکم جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ مستقل نوعیت کے کام کیلیے کنٹریکٹ پر تعیناتیاں غیر آئینی تصور ہوں گی، ملازمین کی مستقلی کی بنیاد برابری کا اصول اور بنیادی آئینی حقوق ہیں۔ وفاقی آئینی عدالت نے سابقہ فاٹا کے ڈسپنسرز کو مستقل کرنے کا حکم دیا اور صوبائی حکومت کو ڈسپنسرز کو 2002 میں تعیناتی کی تاریخ سے مستقلی کے نوٹیفکیشن جاری کرنے کی ہدایت کی۔ جسٹس ارشد حسین نے 4 صفحات پر (بقیہ نمبر 12)

پولیس اہلکاروں کے کوارٹرز خالی کرانے کا حکم جاری

نادہندہ اہلکاروں کی تنخواہوں سے بجلی بل کٹوتی کا فیصلہ

کراچی (نیوز ڈیسک) بجلی بل ادا نہ کرنے والے پولیس اہلکاروں سے سرکاری کوارٹرز خالی کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ماہانہ تنخواہوں سے براہِ راست کٹوتی کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے گارڈن میں واقع پولیس لائنز کے رہائشی اہلکاروں کی جانب سے بجلی کے بل ادا نہ کرنے پر محکمہ پولیس نے سخت تادیبی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے (بقیہ نمبر 11)

کراچی پورٹ نے کنٹینر ہینڈلنگ میں تاریخی ریکارڈ قائم کر دیا

لاکھ ٹی ای یو ہینڈلنگ، ملکی تجارتی شعبے میں نیا سنگ میل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کراچی پورٹ ملکی تاریخ کی سب سے بڑی کنٹینر ہینڈلنگ بندرگاہ بن گئی، مالی سال کے خاتمے سے قبل 26 لاکھ 51 ہزار سے زائد ٹی ای یو ہینڈل کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی پورٹ ٹرسٹ نے ملکی تجارتی شعبے میں ایک نیا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے کنٹینر ہینڈلنگ کے تمام سابقہ ریکارڈ توڑ دیے ہیں۔ جاری کردہ سرکاری اعداد و شمار کے تحت موجودہ مالی سال (بقیہ نمبر 10)

راجہ پرویز اشرف کا سرکاری ملازمین تنخواہ میں اضافہ کا مطالبہ

مہنگائی کے تناظر میں تنخواہیں 0 1 فیصد کرنے کی تجویز پیش

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پیپلز پارٹی کے رہنما راجہ پرویز اشرف نے سرکاری ملازمین کی تنخواہ میں 7 کے بجائے 10 فیصد اضافے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں مجوزہ 7 فیصد اضافے کو ناکافی قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ موجود (بقیہ نمبر 9)

92 ارب ڈالر کا دفاعی بجٹ بھارت کو نہ بچا سکا، عالمی تحقیقاتی ادارہ

خطے میں حالیہ تنازع میں پاکستان نے محدود وسائل کے باوجود مؤثر عسکری حکمت عملی دکھائی

رپورٹ کے مطابق پاکستان کی جنگی مہارت نے دفاعی میدان میں واضح برتری حاصل کی ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) عسکری میدان میں زیادہ دفاعی اخراجات کی بنیاد پر برتری کے بھارتی دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے۔ عالمی تحقیقاتی ادارے کی حالیہ رپورٹ میں کہا گیا کہ خطے میں جاری حالیہ تنازع میں بڑے دفاعی بجٹ کے باوجود بھارت کو بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے، جبکہ انتہائی محدود دفاعی بجٹ کے باوجود پاکستان نے اپنی روایتی عسکری مہارت اور جنگی برتری کا لوہا منوالیا ہے۔ عالمی تحقیقا (بقیہ نمبر 14)

حکومت کی اپوزیشن کو سیاسی مشاورت کی آفر، رانا ثناء اللہ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ہم اپوزیشن کو اب بھی سیاسی مشاورت کی آفر کرتے ہیں، جمہوری انداز یہی ہے کہ بات چیت سے معاملات حل ہوں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر سینیٹر رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے (بقیہ نمبر 15)

ملتان میں افسوسناک واقعہ، سسر نے بہو کو غیرت کے نام پر قتل کر دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سسر نے بہو کو غیرت کے نام پر ٹوکے کے وار سے قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق افسوسناک واقعہ حسن آباد گیٹ نمبر 2 خانیوال روڈ پر پیش آیا، 30 سالہ عروشہ زوجہ عامر کو اس کے سسر نے ٹوکوں کے وار سے قتل کیا۔ خاتون کے منہ اور گلے پر گہرے زخم آئے اور موقع پر دم توڑ گئی، خاتون کو غیرت کے نام پر قتل کیا گیا ڈیڈ باڈی کو پوسٹ مارٹم کے لئے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق جائے وقوعہ سے تمام شواہد اکٹھے کر لئے گئے (بقیہ نمبر 16)

اسد قیصر کی وزیراعظم سے اہم پارلیمانی ملاقات

فاٹا ٹیکس، تمباکو مسائل اور سیاسی اختلافات پر تفصیلی گفتگو

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کی قومی اسمبلی اجلاس کے دوران وزیراعظم شہباز شریف کی اپوزیشن بینچوں پر آمد کے موقع پر ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں صوبے کے حقوق، فاٹا اور پاٹا پر ٹیکس چھوٹ کے معاملے پر بات ہوئی۔ صوابی کے تمباکو کاشتکاروں کو درپیش (بقیہ نمبر 17)

طالبان رجیم میں افغانستان دہشت گردوں کا گڑھ بن گیا، داعش خراسان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) طالبان رجیم میں افغانستان دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے، جہاں کالعدم داعش کا ایک اور سرغنہ گرفتار کرلیا گیا ہے۔ افغان سرزمین پر موجود داعش میڈیا چیف کی گرفتاری نے طالبان کا اصل دہشت گرد چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب کر دیا ہے۔ طالبان رجیم کی سرپرستی میں افغانستان عالمی دہشت گردوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ اور لانچنگ پیڈ بن چکا ہے۔ ترک جریدے اناطولیہ ایجنسی کے مطابق ترک انٹیلی جنس نے (بقیہ نمبر 18)

فرانس میں یکجہتی، پیرس میں فلسطینیوں کو شہریت دینے کی علامتی ووٹنگ میں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فرانس کے دارالحکومت پیرس میں فلسطینیوں کو فرانسیسی شہریت دینے کے حق میں ایک علامتی ووٹنگ منعقد کی گئی جس میں بڑی تعداد میں ووٹرز نے حقِ شہریت کی حمایت میں ووٹ ڈال دیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانس میں یہ پیشرفت فلسطینیوں کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے طور پر دیکھی جا رہی ہے۔ پیرس کونسل میں ووٹنگ میں حصہ لینے والے شہریوں کی اکثریت نے ایسے فلسطینی باشندوں کو شہریت کا حقدار ٹھہرایا جو طویل عرصے سے فرانس میں مقیم ہیں یا (بقیہ نمبر 20)

نفیسہ شاہ کا سیاسی و عسکری قیادت کو خراجِ تحسین

بجٹ بحث میں معاشی خودانحصاری اور زرعی شعبے میں ہنگامی سرمایہ کاری کیلئے اہم تجاویز پیش

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما اور رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے ملک کی حالیہ خارجہ پالیسی اور سفارتی کامیابیوں پر سیاسی و عسکری قیادت کو زبردست الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے بہترین اور دوراندیش سفارت کاری (بقیہ نمبر 19)

ٹرمپ کا متنازع دعویٰ، اطالوی وزیراعظم میلونی کا سخت ردِعمل

تصویر کھنچوانے کیلئے بھیک مانگنے کی خبریں مکمل بے بنیاد ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اطالوی وزیراعظم جیورجیا میلونی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے منسوب ایک متنازع بیان کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں نے کبھی بھی تصویر کھنچوانے کیلئے بھیک نہیں مانگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اطالوی وزیراعظم کا یہ ردِعمل ان خبروں کے بعد سامنے آیا جن میں ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ میلونی نے کینیڈا میں سمٹ کے دوران اُن (بقیہ نمبر 21)

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کو 70 کروڑ ڈالر قرض دینے کا اعلان

اے ڈی بی نے پاکستان کے انشورنس شعبے کی اصلاحات کے لیے 0 7 کروڑ ڈالر قرض منظور کر لیا

مالی تحفظ بڑھانے اور انشورنس مارکیٹ میں شمولیت کے فروغ کے لیے جدید نظام متعارف کرایا جائے گا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کو 70 کروڑ ڈالر دینے کا اعلان کر دیا، اے ڈی بی کی معاونت سے نجی شعبے کی انشورنس مارکیٹ میں شمولیت کو فروغ ملے گا۔ تفصیلات کے مطابق ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے انشورنس کے شعبے میں جدید اصلاحات متعارف کرانے اور اسے مستحکم بنانے کے لیے 70 کروڑ ڈالر (700 ملین ڈالر) کے خطیر قرض کی منظوری دے دی۔ بینک کی جانب (بقیہ نمبر 30)

وزیراعظم نے پٹرول 74 روپے اور ڈیزل 67 روپے سستا کر دیا

تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ فوری طور پر عوام کی جانب منتقل کر رہے ہیں



اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیرِ اعظم شہباز شریف کا پاکستان کی ثالثی کی بدولت خطے و عالمی امن کے قیام کے بعد تیل کی قیمتوں کے حوالے سے اہم بیان، کہا خطے میں معاشی صورتحال میں بہتری آنے اور تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ فوری طور پر عوام کی جانب منتقل کر رہے ہیں (بقیہ نمبر 32)

افسوسناک واقعہ، گول کیپر کی مبینہ ٹکر سے کھلاڑی جان کی بازی ہار گیا

اکرا (نیوز ڈیسک) گھانا میں فٹبال میچ کے دوران ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جس نے کھیل سے وابستہ افراد کو غمزدہ کر دیا ہے۔ ایک مقامی میچ کے دوران نوجوان کھلاڑی مخالف ٹیم کے گول کیپر سے شدید ٹکر کے بعد جان کی بازی ہار گیا۔ اس دل دہلا دینے والے حادثے نے شائقین کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق کھیل کے دوران ہونے والی یہ ٹکر نہایت خطرناک تھی جس کے باعث کھلاڑی کو شدید چوٹیں آئیں۔ واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے پھیل گئی جسے دیکھ کر دنیا (بقیہ نمبر 31)

لاہور ہائیکورٹ کا وراثتی سرٹیفکیٹ کیس میں اہم فیصلہ جاری

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے وراثتی سرٹیفکیٹ سے متعلق ایک اہم مقدمے میں فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا ہے کہ وراثتی جائیداد کی مالیت اپیل کے فورم کے تعین میں موثر نہیں ہوتی، جسٹس راحیل کامران شیخ نے واضح کیا کہ جانشینی (سکسیشن) سرٹیفکیٹ سے متعلق مقدمات میں اپیل کا فورم سکسیشن ایکٹ کے تحت ہی طے کیا جائے گا۔ نجی ٹی وی چینل دنیا نیوز کے مطابق لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس راحیل کامران شیخ نے 7 صفحات پر مشتمل (بقیہ نمبر 35)

وزیر مملکت کا بجٹ پر اظہارِ خیال، ٹیکس نیٹ میں توسیع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے دوران 35 لاکھ دکاندار ٹیکس نیٹ میں داخل ہوں گے، حکومت نے تنخواہ دار طبقے، کسان، صنعتکار، ایکسپورٹر اور ہر پاکستانی شہری کے مفادات کے مطابق متوازن بجٹ دیا ہے، بجٹ سے ملکی معیشت مضبوط ہوگی۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے بلال اظہر کیانی نے کہا کہ وہ پورے ایوان اور (بقیہ نمبر 34)

امریکی فوج کی بحرالکاہل میں منشیات کشتی پر کارروائی

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی فوج نے مشرقی بحرالکاہل میں ایک مبینہ منشیات سمگلنگ میں ملوث کشتی کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا، جس کے نتیجے میں کشتی میں سوار 3 افراد ہلاک ہو گئے۔ ''شہوا'' کے مطابق امریکی جنوبی کمان نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ''ایکس'' پر جاری بیان میں کہا کہ مذکورہ کشتی ان تنظیموں کے زیرِ استعمال تھی جنہیں امریکہ دہشت گرد قرار دے چکا ہے۔ بیان کے مطابق کشتی مشرقی بحرالکاہل میں منشیات کی سمگلنگ کے معروف راستوں (بقیہ نمبر 33)

پاسپورٹ نظام مکمل طور پر آن لائن کرنے کا فیصلہ

ای پاسپورٹ، ہوم ڈیلیوری اور کیش لیس نظام جلد نافذ ہوگا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت نے پاسپورٹ نظام کو مکمل طور پر آن لائن کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، اس سلسلے میں ہوم ڈیلیوری کا سسٹم بھی تیار ہو چکا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت پاسپورٹ اینڈ امیگریشن ہیڈکوارٹرز میں خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں (بقیہ نمبر 22)

سپریم کورٹ کا خراب شہرت جج کی برطرفی بحال کرنے کا فیصلہ

عدالتی منصب کیلئے دیانت اور شفافیت لازم قرار دے دیا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ نے میلسی میں تعینات ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کیس میں اہم فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ خراب شہرت رکھنے والا جج عدالتی منصب پر برقرار نہیں رہ سکتا۔ سپریم کورٹ نے سروس ٹریبونل کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ (بقیہ نمبر 23)

نعمان اعجاز کا شوبز آمدن سے متعلق تنقید پر دوٹوک جواب

حلال حرام بحث میں دوسروں کے بجائے خود کا جائزہ لینے کا مشورہ



اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار نعمان اعجاز نے شوبز سے حاصل ہونے والی آمدن کو حرام قرار دینے کے معاملے پر دوٹوک جواب دے دیا۔ نعمان اعجاز نے شوبز کی کمائی پر ہونے والی تنقید کا (بقیہ نمبر 24)

لڑکی سے زیادتی کرنے والے ملزم گرفتار کر لئے گئے

ملزم اور اس کی بہن متاثرہ لڑکی کو ورغلا کر اپنے ساتھ کوارٹر لے گئے

لاہور (نیوز ڈیسک) نشہ آور دوا پلا کر 14 سالہ لڑکی سے جنسی زیادتی کرنے والے ملزم کو غالب مارکیٹ پولیس نے گرفتار کرلیا۔ 1 روز قبل 14 سالہ لڑکی گھر سے اکیڈمی کیلئے جا رہی تھی، ملزم اور اس کی بہن متاثرہ لڑکی کو ورغلا کر اپنے ساتھ کوارٹر لے گئے، ملزم دانیال نے لڑکی کو نشہ آور (بقیہ نمبر 25)

تین نوجوانوں کا فتنۃ ہندوستان سے لاتعلقی کا اعلان

مولانا ہدایت الرحمٰن کی پریس کانفرنس، نوجوانوں کا وطن عزیز پاکستان سے وفاداری کا عزم

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) گوادر سے تعلق رکھنے والے 3 نوجوانوں اسد جلال، شریف اور اکرم نے فتنۃ الہندوستان سے لاتعلقی کا اعلان کر دیا۔ گمراہ کن پروپیگنڈے کا شکار نوجوانوں کے اہلِ خانہ نے پاکستان سے غیر متزلزل وفاداری او (بقیہ نمبر 26)

لبنان پر اسرائیلی حملے، بن گویر کا انتہائی متعصّبانہ بیان

جنوبی لبنان میں چار اسرائیلی فوجی ہلاک، رات بھر کے حملوں میں اٹھارہ لبنانی جاں بحق

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) لبنان کے جنوب میں چار اسرائیلی فوجیوں کی ہلاکت کے بعد اسرائیلی قومی سلامتی کے وزیر ایتمار بن گویر نے کہا کہ پورے لبنان کو جل جانا چاہیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیل کی فوج نے اطلاع دی کہ 4 فوجی لڑائی میں اس وقت مارے گئے جب (بقیہ نمبر 27)

سندھ ہائیکورٹ کا بڑا فیصلہ، معذور ملازم کی بیٹی کی ملازمت بحال

برطرفی کا فیصلہ کالعدم، تمام سابقہ مراعات اور تنخواہیں فوراً ادا کرنے کا حکم

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائیکورٹ نے پاکستان پوسٹ کے معذور ملازم کی ریٹائرمنٹ کے بعد بیٹی کی دی گئی ملازمت ختم کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے تمام واجبات ادا کرنے کا حکم دیدیا۔ ہائیکورٹ میں پاکستان پوسٹ کے معذور ملازم کی ریٹائرمنٹ کے بعد بیٹی کی (بقیہ نمبر 28)

ریلوے میں ملازمتوں کا جعلی اشتہار وائرل

سوشل میڈیا پر جونیئر انجینئر کی اسامیوں کی خبریں بے بنیاد، شہریوں کو ہوشیار رہنے کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) لاہور میں فراڈ عناصر نے بے روزگار نوجوانوں کو دھوکا دینے کے لیے سوشل میڈیا پر پاکستان ریلوے میں ملازمتوں کے حوالے سے جعلی اشتہار وائرل کر دیا، جس کے باعث شہریوں میں تشویش پھیل گئی اور متعدد افراد نے بھرتیوں سے متعلق معلومات کے لیے ریلوے حکام سے رابطے کیے۔ ذرائع کے مطابق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے اشتہا (بقیہ نمبر 29)

کالعدم بی ایل اے عالمی تجارت و علاقائی رابطوں کیلئے خطرہ، ترک میڈیا

ایران امریکا سے طاقت اور اعتماد کے توازن کے ساتھ مذاکرات جاری رکھے ہوئے ہے

چیف مذاکرات کار کے مطابق ایران کی میدان جنگ میں کامیابیاں سفارتی عمل میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں

انقرہ (بیورو رپورٹ) کالعدم بی ایل اے کی دہشت گردی اب صرف پاکستان نہیں، عالمی تجارت اور علاقائی رابطوں کے لیے بھی خطرہ بن چکی ہے۔ یہ بات ترک میڈیا ئی آرٹی ورلڈ میں شائع رپورٹ میں کہی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کی شاہراہیں اور تجارتی راہداریاں بی ایل اے کے حملوں کے باعث خطرناک ترون میں تبدیل ہو رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بی ایل اے کا اصل ہدف پاکستان کا معا (بقیہ نمبر 36)

میدان جنگ میں فتح نے مذاکرات کی مضبوط بنیاد فراہم کی، باقر قالیباف

ایران امریکا سے طاقت اور اعتماد کے توازن کے ساتھ مذاکرات جاری رکھے ہوئے ہے

چیف مذاکرات کار کے مطابق ایران کی میدان جنگ میں کامیابیاں سفارتی عمل کو مضبوط بنا رہی ہیں

تہران (بیورو رپورٹ) ایران کے چیف مذاکرات کار اور سپیکر پارلیمنٹ باقر قالیباف نے کہا ہے کہ جنگ بندی معاہدہ امریکا کی ناکامی کا دستاویزی ریکارڈ ہے، طاقت کے ساتھ بات کر رہے ہیں، امریکا پر مکمل اعتماد نہیں کیا جا سکتا، ہماری انگلی ٹریگر پر ہے۔ ایرانی پریس ٹی وی کو انٹرویو میں سپیکر باقر قالیباف نے کہا کہ ایران امریکا کے ساتھ طاقت اور اعتماد کی پوزیشن میں مذاکرات کر رہا ہے، حالیہ مذاکرات ایران کی (بقیہ نمبر 37)

کیوی ※※ KIWI

تحریروں کی نگری
میاں کلیم جہانگیر
kaleemjahangir01@gmail.com

کیوی ※※ KIWI کیوی۔Kiwi نیوزی لینڈ کا قومی پرندہ ہے۔ کیوی ایک ایسا پرندہ ہے جو اڑنے کے قابل نہیں۔ یہ پرندہ اپنی جسامت کے اعتبار سے سب سے بڑا انڈہ دیتا ہے۔ ایک جوان کیوی کا وزن ایک کلوگرام سے 3 کلوگرام تک ہوتا ہے۔ کیوی کا تعلق شتر مرغ کے خاندان سے ہے۔ ※※ شکل وصورت یہ پرندہ دوسرے پرندوں سے کچھ مختلف دکھائی دیتا ہے۔ اس کا سر چھوٹا اور جسم پر پنکھ بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ اس کی دم بالکل نہیں ہوتی، ٹانگیں مضبوط اور جسم کے پچھلے حصے سے جڑی ہوتی ہے۔ کیوی کے پیر میں سامنے 3 موٹی اور مضبوط جھلی سے جڑی ہوئی انگلیاں ہوتی ہیں جبکہ اس کی پچھلی انگلی چھوٹی اور اوپر کو اٹھی ہوتی ہے۔ سامنے کی انگلیوں میں لمبے ناخن پائے جاتے ہیں۔ اس کے پر سرخ بادامی یا پھر بھورے ہوتے ہیں، اور ان پر کالی دھاریاں بھی ہوتی ہیں۔ اس کے بال دوسرے پرندوں سے مختلف ہوتے ہیں۔ یہ لمبے موٹے بالوں کی طرح نظر آتے ہیں۔ اس کی آنکھیں چھوٹی اور کمزور ہوتی ہیں۔ کیوی کے پَر اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ بمشکل نظر آتے ہیں۔ ※※ رہن سہن کیوی سارا دن چھوٹے چھوٹے غاروں میں یا زمین کے گڈھوں میں گرے ہوئے پتوں کے ڈھیر میں چھپے بیٹھے رہتے ہیں اور رات ہونے پر غذا کی تلاش میں باہر نکل پڑتے ہیں۔ عام طور پر یہ شام ہوتے ہی پھرتیلے اور چست ہو جاتے ہیں۔ یہ شام کے وقت ایک طرح کی کرخت آواز نکالتا ہے جو ان کے نام سے ملتی جلتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہاں کے باشندوں نے اس کا نام "کیوی" رکھ دیا۔ کیوی کو پالتو پرندوں کے طور پر بھی پالا جاتا ہے۔ یہ ایک شریف پرندہ ہے بلکل گاؤ ※※ جیسا ہی سمجھ لیں۔ ※※ رہائش کیوی معتدل ساحلی جنگلات میں رہتے ہیں۔ کیوی ساری زندگی ایک ہی جیون ساتھی کے ساتھ گزار دیتے ہیں۔ ان کی عمر 20 سال تک ہوتی ہے۔ ※※ بریڈنگ کیوی اپنا گھونسلا چھوٹے چھوٹے غاروں، گڑھوں یا زمین پر بناتے ہیں۔ کیوی مارچ سے جون تک بریڈ کرتے ہیں۔ انڈوں کا رنگ سبزی مائل سفید ہوتا ہے۔ 62 سے 90 دن میں انڈوں سے بچے نکلتے ہیں۔ جب کیوی کے پیٹ میں انڈا ہوتا ہے تو کیوی کو کئی دن تک بھوکا رہنا پڑتا ہے۔ کیوں کہ انڈے کا سائز کیوی کی اوکات سے بھی بڑا ہوتا ہے۔ انڈے کی وجہ سے اس کے پیٹ میں کھانے کی جگہ باقی نہیں رہتی۔ کیوی کا سائز گھریلو مرغی کے برابر ہوتا ہے لیکن کیوی کا انڈا مرغی سے 6 گنا زیادہ بڑا ہوتا ہے۔ ※※ خوراک -ان کی لمبی چونچ ان کے لیے بڑی بڑی مددگار ہے۔ یہ اپنی مضبوط چونچ کے ذریعہ کائی اور سڑے گلے تنوں کو کرید کر اس کے اندر پائے جانے والے کیڑے مکوڑوں اور کیچوؤں کو پکڑ کر کھاتے ہیں۔ اس کے علاوہ بیج، پھل مچھلی اور مینڈک وغیرہ بھی ان کی پسندیدہ غذا ہے۔ کیوی اپنے رزق کے حصول کیلئے جو طریقہ اختیار کرتا ہے وہ کافی دلچسپ ہے۔ جب کافی تلاش کے باوُجود شکار ہاتھ نہیں لگتا تو یہ ایسی آواز نکالتا ہے جو بارش کی آواز سے مشابہ ہوتی ہے۔ زمین کے اندر رہنے والے کیڑے مکوڑے یہ سمجھ کر کہ بارش ہو رہی ہے، زمین سے باہر نکل آتے ہیں اور اس پرندے کی غذا بن جاتے ہیں۔

"دیباچہ---برمجلہ لبِ جُو-----صالح اچھا، کینیڈا





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ ربّ العالمین، والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الانبیاء والمرسلین، وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین۔ ادب کی دنیا میں بعض مجلّات محض اشاعت نہیں ہوتے، بلکہ ایک تہذیبی عہد، ایک فکری مزاج، اور ایک روحانی کیفیت بن جاتے ہیں۔ "لبِ جُو" کا ۱۵۰۰ سوسالہ نعت نمبر بھی اسی قبیل کی ایک بامعنی، باوقار اور قابلِ افتخار ادبی کاوش ہے، جو اہلِ ذوق کے سامنے نہ صرف نعتیہ ادب کی وسعتوں کو آشکار کرتی ہے، بلکہ اس کے ذریعہ اردو کے روحانی، جمالیاتی، اور تہذیبی سرمایے کو ایک نئی تابندگی عطا کرتی ہے۔ یہ شمارہ اپنی ماہیت میں محض چند تحریروں کا مجموعہ نہیں، بلکہ نعتِ رسولِ مقبول ﷺ کے گرد ایک ایسی ادبی وفکری فضا کی تشکیل ہے جس میں عقیدت کی حرارت، اظہار کی شائستگی، اور ترتیب کی حسنِ کاری یکجا ہوگئی ہے۔ جب کوئی مجلہ اس درجے کی سنجیدگی، وقار، اور شعوری ترتیب کے ساتھ مرتب ہو تو وہ محض پڑھنے کی چیز نہیں رہتا، بلکہ سنبھال کر رکھنے، بار بار مطالعہ کرنے، اور ادبی حوالہ بنانے کے قابل بن جاتا ہے۔ نعت کا جامع نعتِ رسولِ اکرم ﷺ اردو شاعری کی وہ مقدس ترین اور لطیف ترین صنف ہے جس میں لفظ، عقیدت کی روشنی سے منور ہو کر اپنی معمولی حدیں عبور کر لیتا ہے، اس صنف میں شعر صرف شعر نہیں رہتا، دعا بن جاتا ہے؛ سطر صرف سطر نہیں رہتی، محبت کی گواہی بن جاتی ہے، اور تحریر محض متن نہیں رہتی، ایک روحانی واردات بن جاتی ہے۔ لبِ جُو کے اس نعت نمبر میں یہی روحانی اور جمالیاتی کیفیت جگہ جگہ محسوس ہوتی ہے، اور قاری پر ایک خوشگوار، باوقار اور تقدیس آشنا تاثر طاری ہوتا ہے اس شمارے کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں نعت کو سطحی جذباتیت کے بجائے فکری وقار اور ادبی توازن کے ساتھ پیش کیا گیا ہے، یوں یہ شمارہ نعتیہ ادب کو ایک سنجیدہ، زندہ، اور عصری ادبی روایت کے طور پر سامنے لاتا ہے۔ ادارت کا وقار اس مجلّے کی اصل روح اس کی ادارت میں جلوہ گر ہے، اور یہاں پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول صاحب کی قابلِ قدر، منظم، اور ادبی شعور سے مزین ادارت نمایاں ہو کر سامنے آتی ہے، ایک ممتاز مدیر کا منصب صرف مواد جمع کرنا نہیں ہوتا، بلکہ مواد کو معنی، حسن، ترتیب اور تاثیر کے سانچے میں ڈھالنا ہوتا ہے، ڈاکٹر صاحب نے جس اہتمام، ذوق، اور فکری بصیرت کے ساتھ اس خصوصی شمارے کو ترتیب دیا ہے، وہ بجا طور پر تحسین کے لائق ہے۔ یہ محبتِ شاقہ خاموش ہوتی ہے، مگر اس کی بازگشت دور تک سنائی دیتی ہے، کسی مجلّے کی خوبی صرف اس کے مشمولات سے نہیں، بلکہ اس سے بھی متعین ہوتی ہے کہ وہ مشمولات کس سلیقے، کس توازن، اور کس ادارتی شعور کے ساتھ پیش کیے گئے ہیں۔ "لبِ جُو" میں یہ تمام اوصاف نمایاں ہیں، اور یہی امر اس کے مدیرِ اعلیٰ کے وقار کو دوچند کرتا ہے۔ کتابی شائستگی اور نامُرانہ معیار کی بات کی جائے تو اس شمارے میں وہ تمام عناصر موجود ہیں جو ایک سنجیدہ ادبی اشاعت کو معتبر بناتے ہیں: انتخاب کی نزاکت، ترتیب کی متانت، موضوع کی ہم آہنگی، اور مجموعی تاثر کی سنجیدگی۔ یہ مجلہ اپنے قاری کو ایک ایسے مکتبی ماحول میں لے جاتا ہے جہاں ہر تحریر اپنے مقام پر ہے، ہر صفحہ اپنے مفہوم کے ساتھ موجود ہے، اور ہر گوشہ ایک ادبی ذوق کی دلیل بن رہا ہے۔ تقریبِ اجرا کے تناظر میں اس شمارے کی سب سے بڑی خوبی اس کا باوقار موضوع ہے۔ نعت نمبر کا اجرا بذاتِ خود ایک روحانی اور ادبی واقعہ ہوتا ہے، اور جب اس کی تیاری اس حسنِ ترتیب کے ساتھ ہو تو وہ محفل، مجلس، اور تقریب تینوں کے لیے باعثِ افتخار بن جاتا ہے۔ "لبِ جُو" اسی لیے ایک مجلہ نہیں، ایک تہذیبی تقریب کی دستاویز بھی ہے۔ ادبی اہمیت اس شمارے کی ادبی اہمیت اس امر میں مضمر ہے کہ یہ نعتیہ ادب کو نہ صرف محفوظ کرتا ہے بلکہ اسے عصری قارئین تک ایک شائستہ، شفاف، اور مؤثر صورت میں منتقل بھی کرتا ہے۔ یہ ادبی ترسیل کا وہ نمونہ ہے جو مطالعہ کرنے والے کو ادب کے ساتھ ادب سکھاتا ہے، اور عقیدت کرنے والے کو عقیدت کے آداب یاد دلاتا ہے۔ یوں یہ شمارہ اردو ادب کے لیے ایک خوش آئند اضافہ، نعتیہ روایت کے لیے ایک باوقار تسلسل، اور ادارت کے فن کے لیے ایک روشن مثال ہے۔ اس کے ذریعے پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول صاحب کی علمی و ادبی خدمات کا ایک اور معتبر باب سامنے آتا ہے، جو یقیناً اہلِ قلم و اہلِ ذوق کی توجہ اور قدر شناسی کا مستحق ہے۔ اختتامی کلمات آخر میں یہ عرض کرنا بجا ہوگا کہ "لبِ جُو" کا ۱۵۰۰ سوسالہ نعت نمبر اپنے موضوع، اپنی ترتیب، اپنی ادبی وقعت، اور اپنی روحانی فضا کے اعتبار سے ایک شایانِ شان اور یادگار اشاعت ہے۔ اس شمارے نے نعتیہ ادب کی روایت کو وقار کے ساتھ آگے بڑھایا ہے، اور پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول صاحب کی ادارت نے اسے ایک مستحکم، منظم، اور مؤثر ادبی شناخت عطا کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس مبارک کاوش کو قبول فرمائے، اس کے مرتبین کو اجرِ جزیل عطا کرے، اور مجلہ "لبِ جُو" کو اسی ادبی رفعت، فکری عظمت، اور روحانی وقار کے ساتھ دائم و قائم رکھے۔ آمین۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

طارق عزیز ایک عہد ساز شخصیت کی چھٹی برسی پر

محمد عثمان پھلروان (ایم فل اردو)

17 جون 2026ء بعض شخصیات محض افراد نہیں ہوتیں بلکہ اپنے اندر ایک پورا عہد سمیٹے ہوتی ہیں۔ وہ وقت کے دھارے میں بہتے ہوئے بھی اپنے نقوش اس طرح ثبت کر جاتی ہیں کہ نسلیں ان کے نام سے روشنی حاصل کرتی رہتی ہیں۔ پاکستان کی ثقافتی، ادبی، نشریاتی اور سماجی تاریخ میں طارق عزیز ایک ایسی ہی ہمہ جہت شخصیت تھے جنہوں نے اپنی صلاحیتوں، کردار، حب الوطنی اور خداداد صلاحیتوں کے ذریعے ایک منفرد مقام حاصل کیا۔ طارق عزیز 28 اپریل 1936ء کو جالندھر میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد میاں عبدالعزیز ان اولین افراد میں شمار ہوتے تھے جو قیامِ پاکستان سے برسوں پہلے اپنے نام کے ساتھ "پاکستانی" لکھتے تھے۔ گویا نظریۂ پاکستان ان کے خون میں شامل تھا۔ یہی جذبۂ حب الوطنی بعد ازاں طارق عزیز کی پوری زندگی پر محیط نظر آتا ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد وہ ساہیوال آئے اور پھر اپنے دوست، شہنشاہِ غزل مہدی حسن کے ساتھ لاہور کا رخ کیا۔ یہ وہ دور تھا جب نوجوان طارق عزیز نے خود انحصاری کا عزم کیا اور اپنے زورِ بازو پر زندگی گزارنے کا فیصلہ کیا۔ یہی خود اعتمادی آگے چل کر ان کی شناخت بنی۔ ریڈیو پاکستان لاہور سے ان کا فنی سفر شروع ہوا، لیکن اصل شہرت انہیں پاکستان ٹیلی ویژن کے پہلے مردانہ اناؤنسر ہونے کے باعث حاصل ہوئی۔ 26 نومبر 1964ء کو جب پاکستان ٹیلی ویژن کی نشریات کا آغاز ہوا تو تلاوتِ کلامِ پاک کے بعد جو پہلی آواز قوم نے سنی، وہ طارق عزیز کی تھی۔ ان کا پُروقار اندازِ گفتگو، شستہ زبان اور دلنشین لہجہ دیکھتے ہی دیکھتے قومی شناخت بن گیا۔ بعد ازاں "نیلام گھر" نے انہیں گھر گھر کا محبوب بنا دیا۔ یہ محض ایک کوئز شو نہیں تھا بلکہ علم، ادب، تہذیب اور تفریح کا ایک ایسا سنگم تھا جس نے کئی نسلوں کی تربیت کی۔ طارق عزیز کی حاضر جوابی، وسیع المطالعہ شخصیت اور ناظرین سے محبت نے اس پروگرام کو تاریخ ساز بنا دیا۔ ایک نابینا مداح کے خط نے ان کی حساس طبیعت کو جھنجھوڑ دیا۔ اسی احساس سے وہ تاریخی جملہ وجود میں آیا جو بعد میں ان کی پہچان بن گیا: "ابتدا ہے ربِ جلیل کے بابرکت نام سے جو دلوں کے بھید جانتا ہے، دیکھتی آنکھوں اور سنتے کانوں کو طارق عزیز کا سلام۔" یہ صرف ایک جملہ نہیں بلکہ انسان دوستی، شمولیت اور محبت کا ایسا استعارہ تھا جس نے کروڑوں دلوں میں گھر کر لیا۔ طارق عزیز صرف ایک کامیاب میزبان نہیں تھے بلکہ ادیب، شاعر، کالم نگار، ناشر، فلمی اداکار اور سیاست دان بھی تھے۔ ان کے کالموں کا مجموعہ "داستان" ان کے وسیع مشاہدے، فکری بصیرت اور قومی مسائل پر گہری نظر کا عکاس ہے۔ اسی طرح پنجابی شاعری کا مجموعہ "ہمزاد دا دکھ" ان کی حساس طبیعت، روحانی فکر اور انسانی درد کا آئینہ دار ہے۔ ان کی شاعری میں ماں کی عظمت، انسانی رشتوں کی حرمت، معاشرتی تضادات اور وجودی سوالات نہایت سادہ مگر مؤثر انداز میں سامنے آتے ہیں۔ ان کے اشعار میں ایک درویش منش انسان کی سوچ اور ایک حساس دل شاعر کی دھڑکن سنائی دیتی ہے۔ فلمی دنیا میں بھی انہوں نے متعدد یادگار کردار ادا کیے۔ "چراغ کہاں روشنی کہاں"، "خاموش رہو"، "سالگرہ"، "بازار"، "سودا گر" اور دیگر فلموں میں ان کی اداکاری کو آج بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ سیاست کے میدان میں بھی انہوں نے اپنی شناخت قائم کی۔ 1997ء کے انتخابات میں قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے، لیکن سیاسی اختلافات کے باوجود انہوں نے ہمیشہ شائستگی، برداشت اور دیانت داری کو مقدم رکھا۔ یہی وجہ تھی کہ برسوں بعد اپنے سیاسی حریف کی دیانت کا برملا اعتراف کرتے ہوئے انہوں نے اسے ملک کے لیے امید قرار دیا۔ طارق عزیز کی شخصیت کا سب سے روشن پہلو ان کی حب الوطنی اور بے لوثی تھی۔ زندگی بھر کی کمائی اور جائیداد انہوں نے اپنی وفات کے بعد قومی خزانے کے لیے وقف کر دی۔ یہ عمل اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان ان کے لیے صرف ایک ملک نہیں بلکہ ایک عشق تھا۔ زندگی کے آخری برس بیماری اور جسمانی کمزوری میں گزرے، لیکن ان کے حوصلے اور وقار میں کوئی کمی نہ آئی۔ 17 جون 2020ء کو یہ روشن چراغ بجھ گیا، مگر اس کی روشنی آج بھی دلوں میں زندہ ہے۔ آج ان کی چھٹی برسی پر جب ہم انہیں یاد کرتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ طارق عزیز صرف ایک فرد نہیں تھے بلکہ پاکستان کی تہذیبی یادداشت کا ایک روشن باب تھے۔ ان کی آواز، ان کا انداز، ان کا علم، ان کی محبت اور ان کی وطن دوستی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ بلاشبہ: "پیدا کہاں ہیں ایسے پراگندہ طبع لوگ افسوس تم کو میرؔ سے صحبت نہیں رہی" اللہ تعالیٰ طارق عزیز مرحوم کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کی خدمات کو قوم کے لیے صدقۂ جاریہ بنائے۔ آمین۔

سعید آسی: زُبان وادب اور صحافت کا ایک باوقار اور معتبر نام


سعید آسی

رائے شماری
پروفیسر رائے غلام رسول فہیم کھرل
03041648400
ghulamrasoolfaheem62@gmail.com

بعض شخصیات اپنے عہد کی پیداوار نہیں ہوتیں بلکہ اپنے عہد کی شناخت بن جاتی ہیں۔ وہ محض ایک نام نہیں ہوتیں بلکہ ایک روایت، ایک فکر اور ایک تہذیبی تسلسل کا استعارہ بن کر سامنے آتی ہیں۔ ایسے لوگ شہرت کے تعاقب میں نہیں نکلتے، شہرت خود ان کے دروازے پر دستک دیتی ہے۔ ان کی زندگی میں محض واقعات نہیں ہوتے بلکہ زمانے کے رنگ، معاشرتی رویے، فکری جہتیں اور انسانی احساسات اپنی پوری معنویت کے ساتھ سانس لیتے دکھائی دیتے ہیں۔ اردو اور پنجابی ادب، پاکستانی صحافت، سماجی خدمت اور انسانی اقدار کے افق پر اگر کسی ایسی شخصیت کا نام لیا جائے جس نے نصف صدی سے زائد عرصہ اپنی قلمی دیانت، فکری وقار اور تخلیقی شعور کے ذریعے اپنی الگ پہچان قائم کی، تو وہ نام سعید آسی کا ہے۔ 24 اگست 1954ء کو بابا فریدؒ کی سرزمین پاکپتن شریف کے محلہ پیر کریاں میں آنکھ کھولنے والے سعید آسی ایک ایسے گھرانے میں پیدا ہوئے جہاں علم، ادب اور مذہبی روایت کا گہرا رنگ موجود تھا۔ ان کے والد چوہدری محمد اکرم محکمہ مال میں پٹواری تھے لیکن ملازمت کے ساتھ اردو اور فارسی ادب سے غیر معمولی شغف رکھتے تھے۔ یہی ذوق آگے چل کر سعید آسی کی شخصیت میں منتقل ہوا۔ ان کے دادا مولوی عبدالکریم ضلع ساہیوال میں سرکاری طور پر فتویٰ جاری کرنے والے جید عالم دین تھے، یوں ایک طرف مذہبی روایت اور دوسری جانب ادبی ذوق نے ان کے مزاج کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کیا۔ ابتدائی تعلیم گورنمنٹ پرائمری اسکول غلہ منڈی پاکپتن سے حاصل کی اور 1969ء میں گورنمنٹ ہائی سکول پاکپتن سے میٹرک کیا۔ طالب علمی کے زمانے ہی میں ان کی ذہانت اور سنجیدگی اساتذہ کی توجہ کا مرکز بن چکی تھی۔ 1971ء میں گورنمنٹ فریدیہ کالج پاکپتن سے انٹرمیڈیٹ مکمل کیا۔ یہی وہ زمانہ تھا جب ان کے اندر موجود شاعر اور ادیب نے پہلی مرتبہ اپنی موجودگی کا احساس دلایا۔ بارہویں جماعت کے نوماہی امتحان میں اردو کا پرچہ فی البدیہہ اشعار کی صورت میں حل کرنا محض ایک واقعہ نہیں تھا بلکہ آنے والے زمانوں کی نوید تھا۔ اساتذہ نے نہ صرف انہیں اعلیٰ نمبر دیے بلکہ یہ پیش گوئی بھی کی کہ یہ نوجوان ادب کی دنیا میں ایک نمایاں مقام حاصل کرے گا۔ 1974ء میں گورنمنٹ کالج ساہیوال سے گریجویشن کے دوران ان کی ادبی شخصیت پوری طرح نکھر کر سامنے آئی۔ ابتدا میں اردو ادب ان کی توجہ کا مرکز تھا لیکن جلد ہی پنجابی زبان اور اس کی تہذیبی مٹھاس نے انہیں اپنی جانب متوجہ کر لیا۔ وہ نہ صرف کالج کے ممتاز پنجابی شاعر بنے بلکہ کالج میگزین "ساہیوال" میں سب سے زیادہ پنجابی تحریریں انہی کی شائع ہوتیں۔ پنجابی ادبی سنگت کے نائب صدر منتخب ہونا بھی ان کے ادبی وقار کا اعتراف تھا۔ گورنمنٹ کالج ساہیوال کی لائبریری ان کے لیے محض ایک کتب خانہ نہیں بلکہ فکری تربیت گاہ تھی۔ منشی پریم چند، غلام عباس، خواجہ احمد عباس، سعادت حسن منٹو، عصمت چغتائی، کرشن چندر اور احمد ندیم قاسمی کے افسانوی جہان سے لے کر غالب، میر، حالی، اقبال، جوش، فراق، فیض، ساحر لدھیانوی، احمد فراز، حبیب جالب، ناصر کاظمی، ساغر صدیقی اور ظفر اقبال تک، ان کا مطالعہ حیرت انگیز وسعت کا حامل تھا۔ ساحر لدھیانوی اور ناصر کاظمی ان کے محبوب شعرا رہے جبکہ شورش کاشمیری، مرزا ادیب اور احسان دانش کی تحریروں نے ان کے ذہن وشعور پر گہرے نقوش چھوڑے۔ ان کی خواہش اردو یا معاشیات میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی تھی، مگر والد انہیں وکیل بنانا چاہتے تھے، چنانچہ وہ پنجاب یونیورسٹی لاء کالج پہنچ گئے۔ قانون کی تعلیم کے دوران انہوں نے "سٹوڈنٹ" کے نام سے ایک رسالہ جاری کیا، اگرچہ مالی مشکلات کے باعث یہ رسالہ چوتھے شمارے کے بعد بند ہو گیا، مگر اس مختصر سفر نے انہیں تعلیمی حلقوں میں ایک منفرد شناخت عطا کر دی۔ اسی دوران وہ کالج میگزین "المیزان" کے مدیر بھی منتخب ہوئے۔ 1977ء میں قانون کی تعلیم مکمل کرنے کے باوجود انہوں نے وکالت کو مستقل پیشہ نہ بنایا، اگرچہ 1980ء میں چند ماہ کے لیے پاکپتن میں وکالت بھی کی۔ ان کے دل کی دنیا میں اصل محبت قلم سے تھی۔ گریجویشن کے بعد ایک درخواست نے انہیں صحافت کے دروازے تک پہنچا دیا اور "پی آئی پی" کے نامہ نگار کی حیثیت سے صحافتی زندگی کا آغاز ہوا۔ ساتھ ہی شاعری اور افسانہ نگاری بھی جاری رہی اور ماہنامہ "آداب عرض" کے مقبول قلم کاروں میں شمار ہونے لگے۔ پنجابی ادب کے معروف جرائد "پنجدریا"، "وارث شاہ"، "ساجھاں"، "تخلیق"، "ونگار" اور "سورج مکھی" میں ان کی غزلیں اور کہانیاں تواتر سے شائع ہونے لگیں۔ اسی دوران لارڈ بائرن، شیلے اور جان کیٹس کی بعض نظموں کے اردو اور پنجابی منظوم تراجم بھی کیے۔ روزنامہ وفاق سے باقاعدہ صحافت کا آغاز ہوا، جہاں سب ایڈیٹر سے نیوز ایڈیٹر تک کا سفر طے کیا۔ 1977ء میں روزنامہ آزاد سے وابستگی نے انہیں عدالتی رپورٹنگ کے میدان میں داخل کیا۔ یہی وہ دور تھا جب ان کا کالم سرگوشیاں "قارئین میں مقبول ہوا۔ خبروں اور کالم نگاری کے امتزاج نے انہیں ایک ممتاز صحافی کے طور پر متعارف کرایا۔ روزنامہ جنگ میں مختصر قیام کے بعد ان کا اصل خواب پورا ہوا اور 6 ستمبر 1981ء کو وہ نوائے وقت کے قافلے میں شامل ہو گئے۔ یہ وہ ادارہ تھا جس کے ساتھ ان کی وابستگی آج بھی قائم ہے۔ سب ایڈیٹر سے آغاز کرتے ہوئے انہوں نے سٹی پیج، میگزین سیکشن، رپورٹنگ سیکشن، چیف رپورٹر اور پھر ادارتی شعبے تک ہر ذمہ داری پوری دیانت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ نبھائی۔ تقریباً اٹھائیس برس تک مسلسل ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی رپورٹنگ کرنا پاکستانی صحافت میں ایک منفرد ریکارڈ کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے ایم آر ڈی، پی ڈی ایف، عوامی اتحاد، اے آر ڈی، پنجاب اسمبلی اور سول سیکرٹریٹ سمیت سیاسی صحافت کے اہم ترین محاذوں پر بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ نوائے وقت میں ان کا مستقل کالم "بیٹھک" اور سیاسی ایڈیشن "افق" میں پندرہ برس تک جاری رہنے والی سیاسی ڈائری، ان کی بصیرت، مشاہدے اور تجزیاتی قوت کا آئینہ دار ہیں۔ آج بھی وہ ادارتی انچارج کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں اور ادارتی مضامین کے ذریعے قومی مباحث میں فکری رہنمائی فراہم کر رہے ہیں۔ صحافت کے ساتھ ساتھ ادب ان کی روح کا حصہ رہا۔ "سوچ سمندر" پنجابی شاعری کا ایسا مجموعہ ہے جس میں دیہی تہذیب، انسانی جذبات اور فکری گہرائی اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ جلوہ گر ہے۔ آگے موڑ جدائی کا تھا "چین کے سفر کی روداد ہے، جبکہ جزیرہ جزیرہ" انڈونیشیا، برونائی اور مالدیپ کے مشاہدات کا حاصل ہے۔ تیرے دکھ بھی میرے دکھ ہیں" اردو شاعری کی لطافتوں سے مزین ہے، "رمزاں" پنجابی شاعری کا خوبصورت نمونہ ہے، "کب راج کرے گی خلق خدا"، تیری بکل دے وچ چور"، "اشرافیہ" اور عوام" اور "آئین کا مقدمہ" ان کی کالم نگاری اور سیاسی شعور کے زندہ دستاویز ہیں۔ کلام سعید" اردو اور پنجابی شاعری کے امتزاج کا ایک خوبصورت مجموعہ ہے۔ سعید آسی محض ایک صحافی یا شاعر نہیں بلکہ ادبی اور سماجی اداروں کی ایک متحرک روح بھی ہیں۔ 1988ء سے گنج شکر اکیڈمی کے صدر ہیں، پاکستان اکیڈمی آف لیٹرز اور پاکستان رائٹرز گلڈ کی رکنیت ان کی ادبی خدمات کا اعتراف ہے۔ صحافتی تنظیموں میں بھی انہوں نے نمایاں کردار ادا کیا۔ لاہور پریس کلب کے سیکریٹری، پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے نائب صدر اور بعد ازاں صدر منتخب ہوئے۔ پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی اور پنجاب یونین آف جرنلسٹس کی قیادت بھی ان کے حصے میں آئی۔ ان کی شخصیت کا ایک روشن پہلو سماجی خدمت اور انسانی حقوق کے لیے سرگرم کردار بھی ہے۔ سبزہ زار ویلفیئر سوسائٹی کی صدارت، لاہور ہائی کورٹ کی جیل وہسپتال اصلاحات کمیٹی کی رکنیت اور حکومت پنجاب کے ہیومن رائٹس کمیشن میں شمولیت اس امر کی غماز ہے کہ وہ صرف قلم کے ذریعے ہی نہیں بلکہ عملی میدان میں بھی انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار سمجھتے ہیں۔ 1980ء میں اپنی خالہ زاد ثمینہ سعید کے ساتھ ازدواجی زندگی کا آغاز کرنے والے سعید آسی ایک خوشحال اور باوقار خاندانی زندگی کے امین بھی ہیں۔ ان کے چار بیٹے اور دو بیٹیاں ان کی زندگی کی خوشیوں کا سرمایہ ہیں۔ سعید آسی کی زندگی اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ اگر انسان کے ہاتھ میں قلم ہو، دل میں محبت ہو، ذہن میں مطالعہ ہو اور کردار میں استقامت ہو تو وہ محض ایک فرد نہیں رہتا بلکہ ایک عہد، ایک روایت اور ایک زندہ تاریخ بن جاتا ہے۔ آج جب صحافت بازاری ضرورتوں اور ادب سطحی رجحانات کے حصار میں گھرا دکھائی دیتا ہے، سعید آسی کی نصف صدی پر محیط جدوجہد ہمیں یاد دلاتی ہے کہ لفظ اگر دیانت سے لکھے جائیں تو زمانے گزرنے کے بعد بھی ان کی خوشبو باقی رہتی ہے۔ شاید اسی لیے سعید آسی صرف ایک نام نہیں، بلکہ اردو و پنجابی ادب، صحافت، سماجی شعور اور انسانی اقدار کا وہ روشن چراغ ہیں جس کی روشنی آنے والی نسلوں کے لیے بھی رہنمائی کا سامان فراہم کرتی رہے گی۔

سعید آسی: زُبان وادب اور صحافت کا ایک باوقار اور معتبر نام

بعض شخصیات اپنے عہد کی پیداوار نہیں ہوتیں بلکہ اپنے عہد کی شناخت بن جاتی ہیں۔ وہ محض ایک نام نہیں ہوتیں بلکہ ایک روایت، ایک فکر اور ایک تہذیبی تسلسل کا استعارہ بن کر سامنے آتی ہیں۔ ایسے لوگ شہرت کے تعاقب میں نہیں نکلتے، شہرت خود ان کے دروازے پر دستک دیتی ہے۔ ان کی زندگی میں محض واقعات نہیں ہوتے بلکہ زمانے کے رنگ، معاشرتی رویے، فکری جہتیں اور انسانی احساسات اپنی پوری معنویت کے ساتھ سانس لیتے دکھائی دیتے ہیں۔ اردو اور پنجابی ادب، پاکستانی صحافت، سماجی خدمت اور انسانی اقدار کے افق پر اگر کسی ایسی شخصیت کا نام لیا جائے جس نے نصف صدی سے زائد عرصہ اپنی قلمی دیانت، فکری وقار اور تخلیقی شعور کے ذریعے اپنی الگ پہچان قائم کی، تو وہ نام سعید آسی کا ہے۔ 24 اگست 1954ء کو بابا فریدؒ کی سرزمین پاکپتن شریف کے محلہ پیر کریاں میں آنکھ کھولنے والے سعید آسی ایک ایسے گھرانے میں پیدا ہوئے جہاں علم، ادب اور مذہبی روایت کا گہرا رنگ موجود تھا۔ ان کے والد چوہدری محمد اکرم محکمہ مال میں پٹواری تھے لیکن ملازمت کے ساتھ اردو اور فارسی ادب سے غیر معمولی شغف رکھتے تھے۔ یہی ذوق آگے چل کر سعید آسی کی شخصیت میں منتقل ہوا۔ ان کے دادا مولوی عبدالکریم ضلع ساہیوال میں سرکاری طور پر فتویٰ جاری کرنے والے جید عالم دین تھے، یوں ایک طرف مذہبی روایت اور دوسری جانب ادبی ذوق نے ان کے مزاج کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کیا۔ ابتدائی تعلیم گورنمنٹ پرائمری اسکول غلہ منڈی پاکپتن سے حاصل کی اور 1969ء میں گورنمنٹ ہائی سکول پاکپتن سے میٹرک کیا۔ طالب علمی کے زمانے ہی میں ان کی ذہانت اور سنجیدگی اساتذہ کی توجہ کا مرکز بن چکی تھی۔ 1971ء میں گورنمنٹ فریدیہ کالج پاکپتن سے انٹرمیڈیٹ مکمل کیا۔ یہی وہ زمانہ تھا جب ان کے اندر موجود شاعر اور ادیب نے پہلی مرتبہ اپنی موجودگی کا احساس دلایا۔ بارہویں جماعت کے نوماہی امتحان میں اردو کا پرچہ فی البدیہہ اشعار کی صورت میں حل کرنا محض ایک واقعہ نہیں تھا بلکہ آنے والے زمانوں کی نوید تھا۔ اساتذہ نے نہ صرف انہیں اعلیٰ نمبر دیے بلکہ یہ پیش گوئی بھی کی کہ یہ نوجوان ادب کی دنیا میں ایک نمایاں مقام حاصل کرے گا۔ 1974ء میں گورنمنٹ کالج ساہیوال سے گریجویشن کے دوران ان کی ادبی شخصیت پوری طرح نکھر کر سامنے آئی۔ ابتدا میں اردو ادب ان کی توجہ کا مرکز تھا لیکن جلد ہی پنجابی زبان اور اس کی تہذیبی مٹھاس نے انہیں اپنی جانب متوجہ کر لیا۔ وہ نہ صرف کالج کے ممتاز پنجابی شاعر بنے بلکہ کالج میگزین "ساہیوال" میں سب سے زیادہ پنجابی تحریریں انہی کی شائع ہوتیں۔ پنجابی ادبی سنگت کے نائب صدر منتخب ہونا بھی ان کے ادبی وقار کا اعتراف تھا۔ گورنمنٹ کالج ساہیوال کی لائبریری ان کے لیے محض ایک کتب خانہ نہیں بلکہ فکری تربیت گاہ تھی۔ منشی پریم چند، غلام عباس، خواجہ احمد عباس، سعادت حسن منٹو، عصمت چغتائی، کرشن چندر اور احمد ندیم قاسمی ک

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

گا۔ وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ فوری طور پر عوام تک پہنچانے کے لیے ایک نئے اور شفاف فارمولے کی تیاری کا اعلان کر دیا ہے۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم کا کہنا ہے کہ وزیر اعظم، فیلڈ مارشل، وزیر خارجہ اور وزیر داخلہ کی مشترکہ سفارتی کاوشیں رنگ لانے لگی ہیں، ایران اور امریکہ اس وقت جنگ بندی کے معاہدے کی جانب بڑھ رہے ہیں، اور دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی میں کمی کے آثار کے باعث عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں تیزی سے نیچے آنا شروع ہو چکی ہیں۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

۔خیبر پختونخوا کا آج پیش ہونے والا بجٹ کی مکمل دستاویز دنیا نیوز کو موصول ہوگئی۔ دستاویز کے مطابق سالانہ ترقیاتی پروگرام کے 2 ہزار 765 منصوبوں کے لیے 519 ارب روپے مختص کردیئے گئے، جن میں بندوبستی اضلاع کے 2070، ضم اضلاع 318 اور اے آئی پی کے 377 منصوبے شامل ہیں۔ بجٹ دستاویز کے مطابق کل منصوبوں میں 15 سو 64 پرانے اور 12 سو 1 نئے منصوبے شامل ہیں۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت 44 فیصد فنڈز انفراسٹرکچر، 19 فیصد سوشل، اور 13 فیصد فنڈز گورننس کے شعبے پر خرچ کیے جائیں گے، اسی طرح پیداواری شعبے کے لیے 9 فیصد جبکہ گرین سیکٹر کے لیے 5 فیصد فنڈز مختص کیے گئے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر 71 فیصد فنڈز صوبائی خزانے اور 29 فیصد فنڈز غیر ملکی اداروں کا خرچ ہوگا، جبکہ غیر ملکی امداد پر صوبے میں 56 منصوبوں پر کام کیا جائے گا۔ مزید بتایا گیا ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت 71 فیصد فنڈز جاری منصوبوں جبکہ 29 فیصد فنڈز نئے منصوبوں کے لیے مختص کیے گئے ہیں، دستاویز کے مطابق سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت 24 ارب روپے کا تھرو فارورڈ بھی شامل ہے۔

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

مولانا فضل الرحمٰن کا کہنا تھا کہ شہید کی شہادت پوری امتِ مسلمہ کا نقصان ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ فقید المثال اجتماع مولانا محمد ادریسؒ سے محبت اور عقیدت کا مظہر ہے، ایک ادریس کو شہید کرو گے تو ہر جگہ سے ایسی شخصیات پیدا ہوں گی، اُن کی فکر، آواز اور نصب العین آج بھی زندہ ہیں۔ سربراہ جے یو آئی کا کہنا تھا کہ آج کا اجتماع کارکنوں کے حوصلے پست ہونے کی توقع رکھنے والوں کے لیے جواب ہے، ہماری جماعت دوسو سالہ دینی وسیاسی جدوجہد کی وارث ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ فرقہ واریت، لسانیت اور علاقائیت کے نظریات کا ہر سطح پر مقابلہ کیا، دینی مدارس اور علومِ دینیہ کے خلاف سازشیں پہلے بھی ناکام ہوئیں، آئندہ بھی ناکام بنائیں گے۔ اُن کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں انسانی جان کی حرمت پامال ہو رہی ہے، بندوق کی سیاست کرنے والے بدامنی پھیلانے والی قوتوں کے آلہ کار ہیں، مغرب میں جمہوریت اور مشرق میں کمیونزم ناکام، مسائل کا حل اسلامی نظام میں ہے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ بعض قوتیں خطے میں بدامنی اور خون خرابہ چاہتی ہیں، جمعیت علماء اسلام امن اور تعلیم کے لیے کردار ادا کر رہی ہے، پاکستان میں حقیقی جمہوریت کا قیام ضروری ہے، الیکشن کمیشن سے شفاف اور منصفانہ انتخابات کا مطالبہ کیا۔ مولانا فضل الرحمٰن کا مزید کہنا تھا کہ عوامی مینڈیٹ کے مطابق نتائج ملیں تو اسمبلیوں میں مزید مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

کہ مذاکراتی کوششوں میں پیشرفت کیلئے مشرقِ وسطیٰ کے تمام فریقین اپنے عزم پر قائم رہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ عالمی مارکیٹیں تیل کی قیمتوں میں کمی اور اسٹاکس میں اضافے کو پسند کر رہی ہیں، امریکا کیلئے کامیابی ہے کہ تیل کی قیمتیں کم ہو رہی ہیں اور فتح حاصل ہو رہی ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ امریکا کی طرف سے ایران کو 300 ارب ڈالر کی ادائیگی نہیں ہو رہی، یہ جعلی خبر ہے، ڈیموکریٹس کا پروپیگنڈا چل رہا ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا امن کے لیے پرعزم ہے، ہم لبنان، حزب اللہ، اسرائیل سمیت تمام محاذوں پر مکمل جنگ بندی کی توقع رکھتے ہیں۔ اس سے قبل پیرس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا تھا کہ اگر دوسرے ممالک کے پاس بلیسٹک میزائل موجود ہیں تو ایران کے پاس نہ ہونا کچھ حد تک غیر منصفانہ ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ اگر سعودی عرب اور قطر جیسے ممالک کے پاس میزائل ہیں تو متناسب حد تک ایران کے پاس بھی ان کا ہونا قابل قبول ہے۔ ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ امریکا ایران کے ساتھ تقریباً چار ماہ طویل تنازع کے خاتمے کے بعد بھی خلیج میں اپنی فوجی موجودگی کچھ عرصے تک برقرار رکھے گا۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

کی 14 ویں سینٹ پیٹرزبرگ انٹرنیشنل لیگل فورم میں شرکت سے متعلق وزیر اعظم کی ایڈوائس منظور کر لی ہے۔ منظوری کے بعد چیف جسٹس پاکستان اور چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت روس کے شہر سینٹ پیٹرزبرگ میں منعقد ہونے والے 14 ویں سینٹ پیٹرزبرگ انٹرنیشنل لیگل فورم میں شرکت کریں گے۔ یہ بین الاقوامی قانونی فورم 24 سے 26 جون 2026 تک روس کے شہر سینٹ پیٹرزبرگ میں منعقد ہوگا، جس میں مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے اعلیٰ عدالتی، قانونی اور پالیسی ساز شخصیات کی شرکت متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

ئے۔ تفصیلات کے مطابق چکوال میں پولیس کی مبینہ اندھادھند فائرنگ کے نتیجے میں 9 سالہ معصوم بچی ہانیہ احمد کی ہلاکت کے معاملے پر لاہور ہائی کورٹ میں عدالتی تحقیقات کے لیے درخواست دائر کر دی گئی۔ یہ درخواست معروف قانون دان اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر کی گئی ہے۔ دائر کی گئی پٹیشن میں سیکیورٹی اداروں کی کارروائیوں اور غفلت پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے موقف اختیار کیا گیا کہ چکوال کا افسوسناک واقعہ پولیس کی مبینہ اور غیر ذمہ دارانہ اندھادھند فائرنگ کا نتیجہ ہے جس نے ایک معصوم جان لے لی۔ درخواست گزار کا کہنا تھا کہ سی سی ڈی کے ہاتھوں سال 2025 سے اب تک 924 سے زائد ہلاکتیں ہو چکی ہیں، جو کہ انتہائی تشویشناک ہے۔ پٹیشن میں کہا گیا ہے کہ سی سی ڈی کی کارروائیوں میں شفافیت اور احتساب کا شدید فقدان ہے، اور ہانیہ احمد کا قتل محض ایک اتفاقی واقعہ نہیں بلکہ سنگین ادارہ جاتی غفلت کی واضح علامت ہے۔ عدالت سے استدعا کی گئی کہ سپریم کورٹ یا ہائی کورٹ کے کسی حاضر سروس یا ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں ایک خودمختار جوڈیشل کمیشن بنایا جائے جو اس واقعے کی شفاف تحقیقات کرے۔ درخواست میں کیس کی باریک بینی سے تفتیش کے لیے برطانوی تحقیقاتی ادارے 'اسکاٹ لینڈ یارڈ' کی فرانزک اور تکنیکی معاونت شامل کرنے کا حکم دینے اور واقعے کے ذمہ دار تمام سی سی ڈی اہلکاروں کے خلاف فوری طور پر قتل کے مقدمات درج کرنے کے احکامات جاری کئے جانے کی بھی استدعا کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

سال ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان میں حزب اللہ کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کے لیے فضائی حملے کیے۔ 24 گھنٹوں کے دوران ان حملوں میں 5 سے زائد شہری شہید ہو گئے۔ اسرائیلی حملوں میں لبنان کے متعدد شہری زخمی بھی ہوئے جب کہ انفراسٹرکچر کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ قبل ازیں انہی حملوں میں لبنانی فوج کے اہلکار بھی ہلاک ہو چکے ہیں جس پر لبنان نے شدید احتجاج کیا تھا۔ یہ حملے اس وقت ہوئے ہیں جب امریکا اور ایران کے درمیان طے پانے والے مفاہمتی معاہدے میں لبنان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا احترام کرنے پر زور دیا گیا ہے اور آج ہی امریکی صدر، ایرانی ہم منصب اور پاکستانی وزیر اعظم نے دستخط کر دیتے ہیں۔ ادھر اسرائیلی وزیر اعظم کے قریبی ذرائع نے دعویٰ کیا کے نے ہے کہ میں یا ہواس وقت بھی امریکا کے ساتھ جنوبی لبنان میں اپنی فوجی تعیناتی برقرار رکھنے کے معاملے پر مشاورت کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یا ہو نے امریکی صدر ٹرمپ سے گفتگو میں یہ مقف اپنایا ہے کہ سرحدی علاقوں میں قائم" بفرزون" اس کی قومی سلامتی کا اہم حصہ ہیں۔ دوسری جانب ایرانی حکام نے خبردار کیا ہے کہ اگر لبنان پر اسرائیلی حملے جاری رہے تو یہ امریکا۔ ایران مفاہمتی معاہدے کی روح کے خلاف ہوگا اور اس سے آئندہ مذاکرات متاثر ہو سکتے ہیں۔ قبل ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے معاہدے پر دستخط کے بعد کہا تھا کہ اگر ایران معاہدے کی شرائط پر عمل نہ کرے تو امریکا دوبارہ فوجی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے جبکہ معاہدے پر عملدرآمد کے لیے سوئٹزرلینڈ میں مزید مذاکرات متوقع ہیں۔ اسرائیل حملے

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

احترام اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا، انہوں نے معاہدے پر دستخط کے ایرانی فیصلے کو سراہا اور مذاکرات کے اگلے مرحلے کیلیے ایرانی قیادت کی کامیابی کی دعا کی، شہباز شریف نے عزم کیا کہ پاکستان برادر اور ہمسایہ ملک کی حیثیت سے ایران کی مکمل حمایت جاری رکھے گا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ ٹیلی فونک رابطے کے دوران ایرانی صدر نے وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل نے مہارت اور دانشمندی سے ثالثی کو کامیابی سے ہمکنار کیا، شہباز شریف اور جنرل عاصم منیر کے ثالثی کے اہم کردار کو ایران ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھے گا، مشکل وقت میں پاکستان کی مثبت، تعمیری اور مخلصانہ حمایت کو ایران ہمیشہ یاد رکھے گا۔ وزیر اعظم ہاؤس کے مطابق ایرانی صدر نے وزیر اعظم شہباز شریف سے پاکستانی عوام کیلیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران باہمی دلچسپی کے شعبوں میں پاکستان سے دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ دونوں رہنماؤں نے باہمی سہولت کے مطابق جلد ایک دوسرے کے دارالحکومتوں کے دورے، دوطرفہ وعلاقائی امور میں بہترین تعاون کو مزید آگے بڑھانے اور آئندہ دنوں میں مسلسل رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

ہ مہنگائی کے تناظر میں تنخواہوں میں 7 فیصد اضافہ ملازمین کے لیے ناکافی ہے، اس لیے حکومت سے گزارش ہے کہ اسے بڑھا کر 10 فیصد کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ معاشرے کے دو طبقے ایسے ہیں جو بجٹ سے فوری طور پر متاثر ہوتے ہیں، جن میں سرکاری ملازمین اور پنشنرز شامل ہیں۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ موجودہ ملکی حالات میں عوام کی تمام خواہشات پوری کرنا ممکن نہیں کیونکہ ملکی آمدنی کے مقابلے میں اخراجات کہیں زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر حکومت کی خواہش ہوتی ہے کہ ایسا بجٹ پیش کیا جائے جس سے عوام کو ریلیف ملے اور ان کی مشکلات کم ہوں، تاہم موجودہ حالات میں یہ ایک مشکل کام ہے۔ انہوں نے اپوزیشن کے کردار پر بات کرتے ہوئے کہا کہ تنقید کرنا اپوزیشن کا حق ہے، لیکن اس کے ساتھ بجٹ میں بہتری کے لیے قابلِ عمل تجاویز دینا بھی اس کی ذمہ داری ہے۔ سابق وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ مہنگائی کی رفتار کے مطابق لوگوں کی آمدنی میں اضافہ نہیں ہو رہا، جبکہ مختلف شعبے اپنی مصنوعات کی قیمتیں مسلسل بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ پیپلز پارٹی کے پانچ سالہ دورِ حکومت میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں مجموعی طور پر 100 فیصد اضافہ کیا گیا تھا۔ راجہ پرویز اشرف نے ملکی قیادت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم، صدر، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے دانشمندی کے ساتھ چیلنجز کا مقابلہ کیا اور پاکستان کا وقار عالمی سطح پر بلند کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو امن کے قیام میں کردار ادا کرنے کی صلاحیت عطا کی ہے اور یہ عزت 25 کروڑ پاکستانیوں کی عزت ہے۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

کے خاتمے سے قبل ہی کراچی پورٹ نے ریکارڈ 26 لاکھ 51 ہزار سے زائد ٹی ای یوز کنٹینرز ہینڈل کر لیے ہیں، جس کے بعد یہ ملکی تاریخ کی سب سے بڑی کنٹینر ہینڈلنگ بندرگاہ بن کر سامنے آئی ہے۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار نے کراچی پورٹ کی اس تاریخی کامیابی پر پورٹ کی انتظامیہ اور ملازمین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا یہ ریکارڈ کنٹینر ہینڈلنگ پاکستان کے بحری شعبے اور معاشی پالیسیوں پر بین الاقوامی اور مقامی کاروباری برادری کے بڑھتے ہوئے کڑے اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ شاندار اور تاریخی کامیابی کے پی ٹی (KPT) کے تمام افسران اور محنتی کارکنان کی دن رات کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے جنہوں نے پورٹ کی کارکردگی کو بین الاقوامی معیار کے مطابق چلایا۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کی معاشی ترقی کے حوالے سے اپنے عزم کو دہراتے ہوئے واضح کیا کہ اس ریکارڈ ہینڈلنگ سے پاکستان کی بین الاقوامی شپنگ اور لاجسٹکس کی صلاحیت مزید مستحکم اور مضبوط ہو رہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومتِ پاکستان کا مشن واضح ہے کہ کراچی اور ملکی بندرگاہوں کو جدید ترین بنا کر پاکستان کو علاقائی ٹرانس شپمنٹ حب بنایا جائے، اور اس مشن کو حاصل کرنے کے لیے کوششیں مسلسل جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

۔بجلی بل ادا نہ کرنے والے اہلکاروں کی رہائش گاہوں کی الاٹمنٹ منسوخ کرنے کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ ایس پی ہیڈ کوارٹرز ساؤتھ کی رپورٹ پر ایڈیشنل آئی جی کراچی نے سخت نوٹس لیتے ہوئے نادہندہ اہلکاروں کے خلاف فوری اور عملی ایکشن لینے کی ہدایت جاری کی ہے۔ بجلی کے بلوں کی مد میں لاکھوں اور کروڑوں روپے کے بقایاجات رکھنے والے اہلکاروں سے متعلق سرکاری دستاویزات کی نقول 'اے آر وائی نیوز' نے حاصل کر لی ہیں۔ سرکاری دستاویزات اور پولیس حکام کے احکامات میں نادہندہ اہلکاروں کے خلاف سخت اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ پالیسی کی سنگین خلاف ورزی کرنے پر سرکاری کوارٹرز میں مقیم 19 پولیس اہلکاروں کی الاٹمنٹ فوری طور پر منسوخ کر دی گئی ہے اور انہیں گارڈن کوارٹرز فوری خالی کر کے اسٹیٹ مینجمنٹ برانچ کے حوالے کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ بجلی کے کروڑوں روپے کے بقایاجات کی وصولی کے لیے محکمہ نے فیصلہ کیا ہے کہ نادہندہ پولیس اہلکاروں کی ماہانہ تنخواہوں سے براہِ راست کٹوتی کی جائے گی تاکہ واجبات ادا کیے جا سکیں۔ بجلی کے بل ادا نہ کرنے والے ان نادہندگان میں ہیڈ کانسٹیبلز، اے ایس آئیز اور کانسٹیبلز شامل ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ قانون سب کے لیے برابر ہے، سرکاری املاک اور وسائل کا غلط استعمال یا بلوں کی عدم ادائیگی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، جو اہلکار قانون پر عمل نہیں کرے گا، اسے سرکاری رہائش گاہ کی سہولت سے محروم ہونا پڑے گا۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

مشتمل فیصلہ جاری کیا جس کے مطابق ملازمین کا کیس وفاقی کابینہ کے 29 اگست 2008 کے دائرے میں آتا ہے، کابینہ کے 2008 میں گریڈ ایک سے 15 کے تمام ملازمین کو مستقل کرنے کا فیصلہ کیا تھا، ریکارڈ سے کہیں ثابت نہیں ہوتا کہ ملازمین کو مخصوص پروجیکٹ کیلیے بھرتی کیا گیا تھا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ مستقل کرنے کے بجائے ملازمین کو 2010 میں غیر قانونی طور پر برطرف کیا گیا، یہ محض ملازمت کا کیس نہیں بلکہ بنیادی حقوق کا معاملہ ہے، موجودہ کیس کا براہ راست تعلق زندگی گزارنے کے بنیادی آئینی حق سے ہے جس کیلیے ضروری ہے کہ شہریوں کے پاس مستقل ملازمت ہو۔ اس میں مزید کہا گیا کہ مستقل آسامیوں کے عوض کنٹریکٹ بھرتیاں قانونی طور پر درست نہیں، آئین کی منشا ہے کہ تمام شہریوں کے ساتھ برابری کا سلوک کیا جائے، سرکاری اداروں میں ملازمین کو عارضی بھرتی کرنا رواج بن گیا ہے، اعلیٰ عدلیہ نے ہمیشہ ملازمین کی عارضی تعیناتیوں کی مخالفت کی ہے۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

کے لیے صوبائی حکومت کے ہر ذمہ دار سے رجوع کیا، ای چالان کے جرمانے کم کرنا سب سے بڑا مطالبہ ہے۔ ٹرانسپورٹ اتحاد کے صدر نے کہا کہ مطالبات پر عملدرآمد نہیں کیا تو ہڑتال کل بھی جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ای چالان کے باوجود بھی میٹول چالان کا سلسلہ جاری ہے۔ ٹرانسپورٹ اتحاد نے کہا کہ ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے بعد کرائے نہ بڑھانے کی شرط پر سبسڈی کی رقم آج تک نہیں ملی۔ انہوں نے کہا کہ اڈوں پر کھڑی ٹرانسپورٹ پر اکثر و بیشتر ایک لاکھ روپے تک کے جرمانے عائد کیے جاتے ہیں۔ ٹرانسپورٹ اتحاد کے صدر نے کہا کہ انشورنس ادائیگی کے موقع پر تھرڈ پارٹی کو 12 ہزار روپے کی ادائیگی کا کہا جاتا ہے، تھرڈ پارٹی کو ادائیگی کس زمرے میں کی جائے اور یہ رقم کہاں جائے گی۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

ئی ادارے کے جاری کردہ مستند اعداد و شمار کے مطابق سال 2025 میں بھارت دنیا بھر میں دفاعی اخراجات کرنے والا پانچواں بڑا ملک رہا، جس کے فوجی اخراجات 91.2 ارب ڈالر کی خطیر رقم تک پہنچ گئے تھے۔ اس کے برعکس سال 2025 میں پاکستان کے کل فوجی اخراجات محض 9.11 ارب ڈالر رہے، جو کہ بھارتی اخراجات کے مقابلے میں کئی گنا کم ہیں۔ حالیہ بجٹ دستاویزات میں کہا گیا کہ بھارت نے مالی سال 27-2026 کے لیے گیا ہے۔ اپنے دفاعی بجٹ میں مزید تقریباً 15 فیصد کا بھاری اضافہ کر دیا ہے، جبکہ دوسری طرف پاکستان نے اپنے معاشی حالات کے پیشِ نظر مالی سال 27-2026 میں اپنے دفاعی بجٹ کو صرف 3 ہزار ارب روپے تک انتہائی محدود رکھا حقائق ہے۔ دفاعی ماہرین کا کہنا ہے کہ ان زمینی کے بعد پاکستان کے دفاعی بجٹ پر کیا جانے والا گمراہ کن پروپیگنڈ الکل طور پر بے بنیاد ثابت ہو

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

میثاق استحکام پاکستان کرنے کا کہا اور یہ آفر اب بھی ہے، وزیر اعظم کی آفر کو مانا جائے اور ہم ہر طرح کی بات کرنے کو تیار ہیں۔ سیاسی ڈائیلاگ کے لیے ہمیں پی ٹی آئی نے بتایا کہ ہماری جماعت میں اس پر مشاورت جاری ہے، اپوزیشن نے کہا ہے کہ آپسی مشاورت کے بعد ہم حکومت کو بتائیں گے۔ فیلڈ مارشل نے جو کردار ادا کیا اس پر اپوزیشن نے بھی ساتھ دیا، مولانا فضل الرحمان کو کچھ خدشات ہیں تو ہم کوشش کریں گے ان کا گلہ دور کریں گے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ مولانا نے بانی کی رہائی کا مطالبہ کیا، اس میں ہمارا تعلق نہیں بلکہ عدالت ہی فیصلہ کرے گی، بانی کی صحت میں بہتری کے لیے اچھے اور اعلیٰ ماہرین موجود ہیں۔ فاٹا اور پاٹا کے حوالے سے اپوزیشن نے وزیر اعظم سے بات کی، وزیر اعظم کی ہدایت پر آج وفد نے بیٹھ کر بات کی۔ وزیر خزانہ نے وعدہ کیا کہ آئی ایم ایف سے بات کر کے ٹیکس معاملات کو حل کروائیں گے، جو ٹیکس چھوٹ ختم ہو رہی ہے کوشش ہے آئی ایم ایف سے بات کر کے اسے آگے بڑھایا جائے۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

،مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

مسائل، خصوصاً فی کلو 390 روپے کے نئے ٹیکس کے خاتمے، خیبر پختونخوا کے بقایاجات کی ادائیگی، اور پاک، افغان سرحد کی بندش کے باعث صوبے میں کاروبار نہ ہونے کے برابر رہ جانے کے مسائل بھی زیرِ بحث آئے۔ عمران خان، ان کی اہلیہ اور پی ٹی آئی قیادت کے ساتھ جیل میں روا رکھے جانے والے ناروا سلوک، ملاقاتوں پر پابندی، ان کے بنیادی انسانی و قانونی حقوق کی پامالی، اور اس کے علاوہ میثاقِ جمہوریت پر بھی تفصیلی بات چیت ہوئی۔ وزیر اعظم کی ہدایت پر وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، سینیٹر رانا ثنا اللہ اور وفاقی وزیر امیر مقام سے اسد قیصر کی سربراہی میں پی ٹی آئی وفد نے ملاقات کی۔ یہ ملاقات پارلیمنٹ ہاؤس میں وزیر خزانہ کے چیمبر میں ہوئی۔ ملاقات میں وزیر خزانہ سے فاٹا میں ٹیکس کے نفاذ، تمباکو پر ٹیکس سمیت اہم امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ اپنی ٹیم کے ساتھ مشاورت کے بعد ٹیکس چھوٹ پر فیصلہ کریں گے۔ اس موقع پر سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ ہم جمہوری لوگ ہیں اور ہم نے ہمیشہ پارلیمان کو مضبوط کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کیا ہے اور جہاں بھی ملکی مفاد کی بات ہو، ہم نے ہمیشہ اپنے سیاسی اختلافات کو پسِ پشت ڈال کر ملکی مفاد کو ترجیح دی ہے۔ وفد میں اراکین قومی اسمبلی جنید اکبر خان، ڈاکٹر امجد علی خان، محبوب شاہ، سلیم الرحمان، ملک انوار تاج، حمید الرحمان، صاحبزادہ صبغت اللہ، ساجد مومند اور سینیٹر ذیشان خانزادہ شامل تھے۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

سرحدی علاقے کے قریب افغانستان سے آپریٹ کرنے والے دہشت گرد گروہ داعش خراسان کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا۔ ترک انٹیلی جنس نے افغانستان سے کام کرنے والے داعش خراسان کے میڈیا سربراہ احمد قازانجی کو گرفتار کیا۔ اناطولیہ کے مطابق دہشت گرد گروہ داعش خراسان کے گرفتار میڈیا چیف نے دہشت گردوں کی تربیت کا بھی اعتراف کیا ہے۔ دہشت گرد گروہ داعش خراسان کے سرغنہ نے پروپیگنڈا، تخریب کاری اور دہشت گردی کے لیے سہولت کاری کی۔ پاکستان متعدد بار اقوام متحدہ سمیت دیگر عالمی فورمز پر افغانستان کے بطور دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ پر انتباہ دے چکا ہے۔ پاکستان کے اقوام متحدہ میں سفیر عاصم افتخار احمد کے مطابق داعش، القاعدہ، فتنۃ الخوارج اور فتنۃ الہندوستان سمیت متعدد دہشت گرد گروہ افغانستان میں آزادانہ طور پر سرگرم ہیں۔

بقیہ نمبر 19 ☆.....☆

کے ذریعے خطے میں امن کو جتوایا ہے جس سے عالمی سطح پر ملک کا وقار بحال ہوا اور انتہا پسند نظریات کو شکست ہوئی، خلیجی ممالک کے ساتھ موجودہ اقتصادی تعلقات قائدِ عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے وژن کا تسلسل ہیں جو ملکی معیشت کو نئی راہ پر گامزن کریں گے۔ "اے پی پی" کے مطابق قومی اسمبلی میں بجٹ پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے ایم این اے ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے ملکی معیشت کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے اور آئی ایم ایف پر انحصار ختم کرنے کے لیے حکومت کے سامنے تجاویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جیسے کثیر الآبادی والے ملک کی معاشی ترقی کے لیے زراعت اور صنعت کے شعبوں میں ہنگامی بنیادوں پر سرمایہ کاری کی جائے اور "اڑان پاکستان" وژن کے تحت اہداف کو حاصل کیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ زرمبادلہ کے ذخائر کو مستحکم کرنے اور ملکی معیشت کی ترقی کے لیے برآمدات میں حائل تمام رکاوٹوں کو فی الفور دور کیا جائے۔ ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے مطالبہ کیا کہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی یعنی کسانوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف اور سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ زرعی پیداوار میں اضافہ ہو اور ملکی معیشت مضبوط بنیادوں پر استوار ہو سکے۔

بقیہ نمبر 20 ☆.....☆

جنہیں انسانی بنیادوں پر تحفظ درکار ہے۔ اس اقدام کا مقصد فلسطینی مہاجرین اور متاثرینِ جنگ کے مسائل کو اجاگر کرنا بھی بتایا جا رہا ہے۔ حامی حلقوں کا کہنا ہے کہ غزہ اور دیگر فلسطینی علاقوں میں جاری انسانی بحران کے پیشِ نظر فرانس کو متاثرہ افراد کے لیے مزید مواقع اور قانونی تحفظ فراہم کرنا چاہیے۔ شہریت یا مستقل رہائش کے حصول میں آسانی انسانی ہمدردی کے اصولوں سے مطابقت رکھتی ہے۔ واضح رہے کہ فرانسیسی حکومت کی جانب سے اس ووٹنگ کے نتائج کو قانونی طور پر نافذ کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں کوئی حتمی اعلان سامنے نہیں آیا، تاہم اس پیش رفت نے ملک میں امیگریشن، شہریت اور فلسطینی مسئلے پر جاری بحث کو مزید تقویت دی ہے۔

بقیہ نمبر 21 ☆.....☆

کے ساتھ تصویر کھنچوانے کیلئے التجا کی۔ ان دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے اطالوی وزیر اعظم کہا کہ بین الاقوامی تعلقات باہمی احترام اور سفارتی آداب پر قائم ہوتے ہیں، نہ کہ ذاتی تشہیر پر۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اطالوی وزیر اعظم نے اس معاملے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ اٹلی اور امریکا کے تعلقات دونوں ممالک کے قومی مفادات پر مبنی ہیں اور انہیں شخصیات کے درمیان تعلقات تک محدود نہیں کیا جا سکتا۔ سیاسی مبصرین کے مطابق یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب یورپی اور امریکی قیادت کے درمیان مختلف عالمی مسائل پر قریبی رابطے جاری ہیں۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ عوامی سطح پر اس نوعیت کے بیانات بعض اوقات سفارتی حساسیت پیدا کر سکتے ہیں۔ ادھر سوشل میڈیا پر بھی اس معاملے پر بحث جاری ہے، جہاں بعض صارفین نے میلونی کے جواب کو خودمختار مؤقف قرار دیا جبکہ دیگر نے اسے سیاسی بیان بازی کا حصہ قرار دیا۔

بقیہ نمبر 22 ☆.....☆

پاسپورٹ نظام میں اہم اصلاحات کے حوالے سے متعدد فیصلے کیے گئے۔ اس اہم اجلاس میں پاسپورٹ کے اجرا کو مکمل طور پر ای پاسپورٹ پر منتقل کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ ای پاسپورٹ پر مکمل منتقلی کے بعد اس ضمن میں فراڈ اور جعلسازی کے امکانات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے نہ صرف شفافیت میں اضافہ ہوگا بلکہ شہریوں کو بھی بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔ اجلاس میں پریمیم سروسز حاصل کرنے والے شہریوں کے لیے یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ انہیں پاسپورٹ پر آنے والے اخراجات کے مطابق فیس ادا کرنا ہوگی۔ اس کے علاوہ بیرون ملک اور اندرون ملک پاسپورٹ کی ہوم ڈلیوری کے لیے ابتدائی کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ شہریوں کو ان کی دہلیز پر پاسپورٹ فراہم کرنے کا عمل جلد شروع کیا جائے گا۔ اجلاس میں یکم جولائی سے ملک بھر کے پاسپورٹ دفاتر میں کیش لیس نظام نافذ کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ مزید برآں آن لائن پاسپورٹ درخواستوں کو پاک آئی ڈی کے پلیٹ فارم پر منتقل کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا تاکہ درخواستوں کے عمل کو مزید آسان اور مؤثر بنایا جا سکے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ بزنس پاسپورٹ سے متعلق پالیسی کو فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی مشاورت سے جلد از جلد حتمی شکل دی جائے۔ اجلاس کے دوران ڈی جی پاسپورٹس اینڈ امیگریشن محمد علی رندھاوا نے وفاقی وزیر داخلہ کو مختلف اصلاحاتی اقدامات اور مجوزہ منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ بھی دی۔

بقیہ نمبر 23 ☆.....☆

اینڈیشن جج کی برطرفی بحال کر دی اور قرار دیا کہ ہائیکورٹ کی جانب سے دی گئی برطرفی کی سزا بحال کی جاتی ہے۔ عدالت عظمیٰ نے عدالتی افسر کی بحالی اور منفی ریمارکس ختم کرنے کی دونوں درخواستیں مسترد کیں۔ 9 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس شاہد وحید نے تحریر کیا، جبکہ جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس شفیع صدیقی تین رکنی بینچ کا حصہ تھے۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ رشوت ثابت نہ ہونے کے باوجود خراب شہرت رکھنے والا جج عدالتی منصب پر برقرار نہیں رہ سکتا، خراب شہرت ثابت ہونے پر لازمی ریٹائرمنٹ نہیں بلک

سانگلہ ہل: رانا جماعت علی معصومی کی رہائش گاہ پر "محفلِ ذکرِ شہدائے کربلا"

بسلسلہ ایصال ثواب محمد تبیان 1 2 جون بروز اتوار کو ہوگی ۔

سانگلہ ہل (طارق محمود): رانا جماعت علی معصومی کی رہائش گاہ ڈیرہ راجپوتاں (عقب شوگرمل) میں "محفلِ ذکرِ شہدائے کربلا" کا انعقاد 21 جون بروز اتوار کو کیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اس پروقار اور روحانی اجتماع کا آغاز صبح ٹھیک دس بجے ہوگا۔ محفل کے انعقاد کا بنیادی مقصد محمد تبیان (مرحوم فرزند) اور امتِ محمدیہ کے درجات کی بلندی اور ایصالِ ثواب ہے۔ قاری حافظ اکبر علی مجددی تلاوتِ قرآنِ پاک کا شرف حاصل کریں گے جبکہ رانا محمد حماد (آف نواں پنڈ) اور محمد علی رضا سلطانی بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت کے پھول نچھاور کریں گے۔ ممتاز مذہبی سکالر پروفیسر ڈاکٹر سید اظفار حیدر شاہ (مکان شریفی) شہدائے کربلا کی قربانیوں اور فلسفہ شہادت پر مفصل روشنی ڈالیں گے۔ رانا جماعت علی معصومی نے تمام عقیدت مندوں اور اہلِ علاقہ سے اپیل کی ہے کہ وہ وقتِ مقررہ پر ان کی رہائش گاہ تشریف لا کر اس روحانی و وجدانی بزم کی سعادتیں حاصل کریں۔



فلسطینیوں پر مظالم اور عبادت گاہوں کی بے حرمتی ناقابل برداشت، اسرائیل کو جوابدہ بنایا جائے، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

مساجد پر اسرائیلی حملے کھلی دہشت گردی ہیں، عالمی برادری خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے،

سانگلہ ہل (بیورو چیف) متحدہ عوامی موومنٹ کے بانی چیئرمین صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں اسرائیلی آبادکاروں کی جانب سے فلسطینی مسلمانوں پر بڑھتے ہوئے مظالم، تشدد اور مساجد پر حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل ریاستی دہشت گردی کی بدترین مثال بن چکا ہے جو نہ صرف معصوم فلسطینیوں کے خون سے ہاتھ رنگ رہا ہے بلکہ مقدس اسلامی عبادت گاہوں کی بے حرمتی کر کے پوری امت مسلمہ کے جذبات مجروح کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ مغربی کنارے کے علاقوں جلجلیا اور مزارعہ النوبانی کی مساجد پر حملے کھلی دہشت گردی اور بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ اسرائیلی آبادکاروں کی جانب سے مساجد کو نشانہ بنانا اس بات کا ثبوت ہے کہ صہیونی حکومت مذہبی آزادی، انسانی حقوق اور عالمی قوانین کو اپنے پاؤں تلے روند رہی ہے۔ صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے کہا کہ فلسطینی عوام کئی دہائیوں سے ظلم، جبر اور ریاستی دہشت گردی کا سامنا کر رہے ہیں جبکہ عالمی طاقتیں اور انسانی حقوق کے نام نہاد علمبردار مجرمانہ خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں۔ اگر یہی واقعات دنیا کے کسی اور خطے میں پیش آتے تو عالمی ادارے فوری حرکت میں آ جاتے، مگر فلسطینیوں کے خون کی کوئی قیمت نہیں سمجھی جا رہی۔ انہوں نے اقوام متحدہ، او آئی سی اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ اسرائیل کے جنگی جرائم، فلسطینیوں کی نسل کشی اور مقدس مقامات پر حملوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور اسرائیلی قیادت کو عالمی عدالتوں کے کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ محض مذمتی بیانات سے کام نہیں چلے گا بلکہ عملی اقدامات ناگزیر ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم اپنے فلسطینی بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے اور فلسطینی عوام کے حق خودارادیت، آزاد فلسطینی ریاست کے قیام اور بیت المقدس کو اس کا دارالحکومت بنانے کی جدوجہد کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ اسرائیلی جارحیت جتنی بھی بڑھ جائے، فلسطینی عوام کے حوصلے اور آزادی کی تحریک کو شکست نہیں دی جا سکتی۔

سانگلہ ہل میں پینے کے پانی کا سنگین بحران، شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

سانگلہ ہل (قیصر رضا) سانگلہ ہل میں پینے کے پانی کا سنگین بحران شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ سانگلہ ہل شہر میں پینے کے صاف پانی کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا ہے جبکہ منتخب نمائندے اور متعلقہ حکام تاحال خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ شہریوں کو روزانہ کی بنیاد پر پینے کے پانی کے حصول کے لیے شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہر کے بیشتر علاقوں میں صاف پانی دستیاب نہ ہونے کے باعث خواتین، بزرگ اور بچے نہر کے کنارے لگے نلکوں سے پانی بھرنے پر مجبور ہیں۔ شہریوں کے مطابق مائیں، بہنیں اور بیٹیاں دور دراز علاقوں سے پانی لینے جاتی ہیں جہاں کئی مرتبہ حادثات بھی پیش آ چکے ہیں۔ شہریوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی زندگی کا قیمتی وقت صرف پانی کے حصول میں گزر رہا ہے جبکہ حکمران طبقہ بنیادی سہولت فراہم کرنے میں مکمل ناکام دکھائی دیتا ہے۔ کچھ شہری مجبوری کے تحت رکشہ والوں سے مہنگے داموں پانی خریدتے ہیں، جبکہ کئی گھروں میں مرد افراد موجود نہ ہونے کی وجہ سے خواتین شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ غیر مردوں کا گھروں میں پانی پہنچانے آنا معاشرتی مسائل اور ممکنہ ناخوشگوار واقعات کا سبب بھی بن سکتا ہے، مگر اس سنگین مسئلے پر کسی سیاست دان نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ شہری صحافی برادری نے بھی متعدد بار اس اہم مسئلے کو اجاگر کیا، لیکن افسوس کہ منتخب نمائندوں کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی۔ عوام کا کہنا ہے کہ ووٹ لینے کے بعد سیاست دان عوامی مسائل بھول جاتے ہیں اور شہری بنیادی سہولیات سے محروم رہتے ہیں۔ اہلِ سانگلہ ہل نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو اس اذیت ناک صورتحال سے نجات مل سکے اور آنے والی نسلوں کو صاف اور شفاف پانی میسر آ سکے۔ شہریوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر مسئلہ فوری حل نہ کیا گیا تو عوام احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے۔

قیصر رضا کو مقابلہ خبر نگاری میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

سیاسی سماجی کاروباری علمی و ادبی اور صحافتی حلقوں کی جانب سے مبارک بادوں کے پیغامات

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف جرنلسٹ ایمرا کے سیکرٹری انفارمیشن قیصر رضا کو مقابلہ خبر نگاری میں تحصیل سانگلہ ہل میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر سیاسی سماجی کاروباری علمی و ادبی اور صحافتی حلقوں کی جانب سے مبارک بادوں کا سلسلہ جاری ہے مرکزی انجمن تاجران تحصیل سانگلہ ہل کے سرپرست اعلیٰ میاں طاہر رفیق موبائل ایسوسی ایشن سانگلہ ہل کے جنرل سیکرٹری طلعت صدیق وائیس بار ایسوسی ایشن سانگلہ ہل کے سابق صدر یاسر ذوالفقار چوہدری ایڈووکیٹ پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل ڈپٹی سیکرٹری محمد صدیق وائیس پریس کلب رجسٹرڈ سانگلہ کے صدر فیصل علی راجپوت ایمرا کے صدر ندیم اختر بٹ مدینہ ویلفیئر سوسائٹی کے صدر سمیت متعدد شخصیات نے انہیں مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا

سانگلہ ہل: امام حسینؓ نے ساتھیوں سمیت خون کا نذرانہ دے کر دین محمدی کو حیات نو بخشی، مولانا علی رضا

حضرت امام حسین محسن انسانیت بھی ہیں، مردہ انسانیت کو آب حیات پلا کر زندہ و بیدار کر دیا، خطبہ جمعہ میں خطاب

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) ممتاز عالم دین مولانا محمد علی رضا قادری نے کہا ہے کہ حضرت امام حسینؓ نے جانثار ساتھیوں سمیت خون کا نذرانہ دے دین محمدی کو حیات نو بخشی، امام حسین محسن اسلام ہی نہیں بلکہ محسن انسانیت بھی ہیں، انسان کو عزت، صداقت، عفت، مروت، عدالت، شجاعت و کرامت کا درس دیا اور مردہ انسانیت کو آب حیات پلا کر زندہ و بیدار کر دیا اور حضرت امام حسینؓ نے باطل کو مٹانے کے لوءے جو عظیم کارنامہ سرانجام دیا، اس کی مثال تاریخ عالم میں نظر نہیں آتی، اسلام دشمن طاقتوں نے دین اسلام کو منہدم کرنے کی جو منظم سازش تیار کی تھی جو ایک منظم منصوبے کے تحت یزید کی شکل میں نمایاں ہوءی تھی، امام حسینؓ نے اپنے قیام سے سیاسی سازش کے سارے تار و پود اس طرح بکھیر دی ءے کہ خود یزید کے محل سے اذان کی آواز آنے لگی، وہ جامعہ مسجد عمر کریم باغ والی میں خطبہ جمعہ میں خطاب کر رہے تھے، اس موقعہ پر پیر محمد ضیاء المصطفیٰ رضوی نے بھی خطاب کیا، مولانا محمد علی رضا قادری نے مزید کہا کہ ایک موقع پر نبی کریمؐ نے فرمایا کہ میں تمہیں دو چیزیں دے کر جا رہا ہوں، ایک قرآن اور ایک اہل بیت جو ان کو مضبوطی سے پکڑے گا، وہ گمراہی سے بچ جاءے گا، اگر حاج کے سیاست دان قرآن شریف کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوءے اسوہ حسینیؓ کو اپنا لیں تو ملک وقوم کے تمام مساءل حل ہو سکتے ہیں۔



سانگلہ ہل: جماعت اہل سنت کے زیر اہتمام 2 روزہ "سید الشہداء کانفرنس" 25 جون کو شروع ہوگی

کانفرنس کی صدارت مولانا ذوالفقار علی رضوی صدر سنی علماء کونسل کریں گے، جبکہ علی حسنین ظفر چشتی خصوصی خطاب کریں گے

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) جماعت اہل سنت اور انجمن میلاد مصطفےٰ کے زیر اہتمام 2 روزہ "سید الشہداء کانفرنس" 25 جون کو مرکزی رضوی جامعہ مسجد میں شروع ہوگی، کانفرنس کی صدارت مولانا ذوالفقار علی رضوی صدر سنی علماء کونسل کریں گے، جبکہ مولانا علی حسنین ظفر چشتی آف لاہور اور ڈاکٹر سید اظفار حیدر شاہ مجددی خصوصی خطاب کریں گے، کانفرنس میں مولانا مفتی ذوالفقار علی رضوی، پیر محمد ضیاء المصطفیٰ رضوی، پیر محمد شاہد رضا رضوی، حافظ فتح محمد قادری بھی خطاب کریں گے، محمد علی رضا سلطانی خصوصی ہدیہ نعت پیش کریں گے، کانفرنس میں قاری محمد بلال حبیب رضوی، خلیفہ شیخ ندیم احمد رضوی، حاجی محمد امین حبیبی، حاجی محمد عارف عطاری، چوہدری محبوب احمد نمبردار، حاجی ملک محمد طارق، ڈاکٹر محمد شہباز رضا رضوی، حافظ تصدق نواز، محمد اشفاق رضوی، میاں محمد ریاض بٹالوی، محمد فیصل رضوی، محمد شمس سلطانی، ملک وقاص علی اور محمد بلال مصطفےٰ قادری سمیت عاشقان مصطفےٰ کی کثیر تعداد شرکت کرے گی۔

بیلجیم: وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک کی قومی ہاکی ٹیم سے ملاقات، کھلاڑیوں کا حوصلہ بلند ۔

پاکستانی ہاکی ٹیم نے تمام تر مشکلات اور محدود وسائل کے باوجود عالمی معیار کی ٹیموں کے خلاف بھرپور مقابلہ کیا۔

ایسسٹرڈیم (محمد جاوید اقبال کھوکھر خصوصی رپورٹ اور تصویریں): ایف آئی ایچ پرو لیگ کے سلسلے میں یورپی دورے پر موجود پاکستان کی قومی ہاکی ٹیم اس وقت بیلجیم میں عالمی معیار کی ٹیموں کے خلاف اہم میچز کھیل رہی ہے۔ طویل عرصے بعد پاکستانی ٹیم کو یورپ کی مضبوط ٹیموں کے مقابلے میں کھیلنے کا موقع ملا ہے، جسے کھلاڑیوں کے لیے قیمتی تجربہ قرار دیا جا رہا ہے۔ پاکستانی ہاکی ٹیم نے تمام تر مشکلات اور محدود وسائل کے باوجود عالمی معیار کی ٹیموں کے خلاف بھرپور مقابلہ کیا۔ اگرچہ بیلجیم کے خلاف میچ یکطرفہ رہا، تاہم شائقین نے دونوں ٹیموں کے کھیل کو خوب سراہا اور پاکستانی کھلاڑیوں کی فائٹنگ اسپرٹ کو پسند کیا۔ اس موقع پر پاکستان کے وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک، پاکستان ہاکی فیڈریشن کی دعوت پر خصوصی طور پر اسٹیڈیم پہنچے۔ انہوں نے قومی کھلاڑیوں سے ملاقات کی، ان کا حوصلہ بڑھایا اور انہیں پاکستان ہاکی کے سنہری دور کی یاد دلاتے ہوئے کہا کہ یہی سبز ہلالی پرچم کبھی دنیا کی ہاکی پر حکمرانی کرتا تھا اور اب اس عظیم روایت کو دوبارہ زندہ کرنے کی ذمہ داری موجودہ نسل کے کندھوں پر ہے۔ وفاقی وزیر کی آمد پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے گورننگ بورڈ کے رکن چوہدری پرویز علی سندھیلہ نے ان کا استقبال کیا اور انہیں قومی ٹیم، یورپی دورے اور آئندہ پروگرام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ بعد ازاں ڈاکٹر مصدق ملک کی ملاقات ہیڈ کوچ منظور الحسن، نائب کوچ محمد وسیم، ٹیم مینجر خواجہ محمد جنید کو انٹینٹر ہاکی یورپ پیر سید طاہر اقرار شاہ اور قومی ٹیم کے تمام کھلاڑیوں سے کرائی گئی۔ اس ملاقات کے دوران کھلاڑیوں نے وفاقی وزیر سے کھل کر گفتگو کی، جبکہ ڈاکٹر مصدق ملک نے انہیں بھرپور نیک تمناؤں کا پیغام دیا۔ کھلاڑیوں نے اس ملاقات کو اپنے لیے حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومتی نمائندوں کی سرپرستی انہیں مزید جذبے کے ساتھ کھیلنے کا حوصلہ دیتی ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک کی Belgium Hockey Federation کے CEO سرج پیلے (Serge Pilet) سے بھی ملاقات ہوئی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور بیلجیم کے درمیان ہاکی تعلقات کو مزید فروغ دینے، باہمی تعاون اور نوجوان کھلاڑیوں کے تبادلے پر تفصیلی گفتگو کی۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے سرج پیلے کو پاکستان کے دورے کی دعوت دیتے ہوئے بیلجیم کی ہاکی ٹیموں، بالخصوص انڈر 21 ٹیم کو پاکستان آ کر میچز کھیلنے کی بھی دعوت دی۔ سرج پیلے نے اس دعوت کا خیر مقدم کرتے ہوئے جلد بیلجیم کی انڈر 21 ٹیم کو پاکستان بھیجنے کی اصولی آمادگی کا اظہار کیا اور دونوں ممالک کے درمیان ہاکی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر ہاکی حلقوں کا کہنا تھا کہ جب سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کی باگ دوڑ سنبھالی ہے، قومی ہاکی کے حوالے سے ایک نئی امید اور مثبت فضا پیدا ہوئی ہے۔ فیڈریشن کی منظم منصوبہ بندی، بین الاقوامی ٹیموں کے خلاف مسلسل میچز، کھلاڑیوں کی بہتر تیاری اور عالمی سطح پر پاکستان ہاکی کو دوبارہ نمایاں کرنے کے اقدامات کو سراہا جا رہا ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ اگر یہی تسلسل برقرار رہا تو پاکستان ہاکی ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید مضبوط ہوگی اور دوبارہ عالمی سطح پر اپنی کھوئی ہوئی پہچان حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکتی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کی قومی ہاکی ٹیم تقریباً آٹھ سال بعد ایک بڑے عالمی ایونٹ میں شرکت کی تیاری کر رہی ہے۔ یورپ کی مضبوط ٹیموں کے خلاف یہ میچز نہ صرف کھلاڑیوں کے لیے قیمتی تجربہ ثابت ہو رہے ہیں بلکہ مستقبل میں عالمی مقابلوں میں بہتر کارکردگی کی بنیاد بھی فراہم کر رہے ہیں۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کو امید ہے کہ یہ دورہ قومی ہاکی کی بحالی کی جانب ایک اہم سنگِ ثابت ہوگا

محرم الحرام انتظامات کا جائزہ، صوبائی وزیر محنت منشاء اللہ بٹ کا ڈسکہ میں مرکزی جلوس روٹ کا دورہ

ڈسکہ (رانا عبدالجبار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر صوبائی وزیر محنت منشاء اللہ بٹ نے محرم الحرام کے سلسلے میں ڈسکہ سٹی میں مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ کیا اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ٹیم صوبائی وزیر

جنوبی افریقہ ویمنز انڈر 19 ٹیم پہلی بار پاکستان کا دورہ کرے گی

کراچی میں پانچ ٹی 20 میچوں کی سیریز، ویمنز کرکٹ تعاون مضبوط ہوگا

لاہور (پی پی اے) پاکستان کرکٹ بورڈ پی سی بی نے اعلان کیا ہے کہ جنوبی افریقہ ویمنز انڈر 19 کرکٹ ٹیم پہلی مرتبہ پاکستان کا دورہ کرے گی جہاں وہ میزبان پاکستان ویمنز انڈر 19 ٹیم کے خلاف پانچ ٹی 20 میچوں کی سیریز میں حصہ لے گی سیریز کے تمام میچز کراچی کے نیشنل بینک اسٹیڈیم میں 14 سے 24 جولائی تک کھیلے جائیں گے جبکہ میچوں کے اوقات کا اعلان بعد میں کیا جائے گا جنوبی افریقہ ویمنز انڈر 19 ٹیم 10 جولائی کو کراچی پہنچے گی جبکہ دونوں ٹیمیں 11 سے 13 جولائی تک نیشنل بینک اسٹیڈیم میں تربیتی سیشنز میں حصہ لیں گی سیریز کا پہلا ٹی 20 میچ 14 جولائی کو کھیلا جائے گا جبکہ دوسرا میچ 17 جولائی تیسرا 19 جولائی چوتھا 22 جولائی اور پانچواں و آخری ٹی 20 میچ 24 جولائی کو اسی مقام پر منعقد ہوگا پاکستان ویمنز انڈر 19 ٹیم نے اپنی آخری دو طرفہ ٹی 20 سیریز بنگلہ دیش میں کھیلی تھی جہاں قومی ٹیم نے پانچ میچوں کی سیریز 2-3 سے اپنے نام کی تھی یہ سیریز پاکستان ویمنز انڈر 19 ٹیم کے لیے رواں سال منعقد ہونے والے اے سی سی ویمنز انڈر 19 ٹی 20 ایشیا کپ اور آئندہ سال شیڈول آئی سی سی ویمنز انڈر 19 ٹی 20 ورلڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں انتہائی اہمیت کی حامل ہوگی پی سی بی کے ویمنز کرکٹ ڈیپارٹمنٹ نے حال ہی میں کراچی میں انڈر 19 کھلاڑیوں کے لیے خصوصی تربیتی کیمپوں کا انعقاد بھی کیا تھا تاکہ انہیں آئندہ بین الاقوامی مقابلوں کے لیے بھرپور انداز میں تیار کیا جا سکے جنوبی افریقہ ویمنز انڈر 19 ٹیم کا یہ پہلا دورۂ پاکستان دونوں ممالک کے درمیان خواتین کرکٹ کے فروغ اور باہمی کھیلوں کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے



خیبر پختونخوا کابینہ نے 2170 ارب روپے کا بجٹ تجویز منظور کر لیا

تنخواہوں میں سات فیصد اضافہ، ترقیاتی منصوبوں کے لیے بڑے فنڈز مختص کیے گئے

پشاور (پی پی اے) خیبر پختونخوا کابینہ نے مالی سال 27-2026 کے بجٹ تجاویز کی منظوری دے دی ہے جس کے تحت صوبے کا مجموعی بجٹ 2170 ارب روپے سے زائد رکھنے کی تجویز دی گئی ہے ذرائع کے مطابق صوبائی حکومت نے آئندہ مالی سال کے لیے پورے سال کا بجٹ پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 7 فیصد اضافے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے ذرائع کا کہنا ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام اے ڈی پی کا حجم 519 ارب روپے سے زائد تجویز کیا گیا ہے جبکہ صوبائی حکومت اپنے وسائل سے ترقیاتی منصوبوں پر 235 ارب روپے خرچ کرے گی اس کے علاوہ بین الاقوامی امدادی اداروں کی جانب سے 150 ارب روپے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر صرف کیے جائیں گے بجٹ دستاویزات کے مطابق ضم شدہ اضلاع کے لیے 27 ارب روپے کے ترقیاتی پروگرام کی تجویز دی گئی ہے جبکہ تیز رفتار ترقیاتی پروگرام ایف ٹی پی کے لیے 52 ارب روپے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے ذرائع کے مطابق بلدیاتی حکومتوں کے لیے مجموعی طور پر 55 ارب روپے رکھنے کی تجویز ہے جبکہ وفاقی حکومت سے صوبے کو ایک ہزار 443 ارب روپے موصول ہونے کی توقع ہے

ایران امریکہ معاہدہ خوش آئند، پٹرولیم قیمتوں میں کمی کا مطالبہ

خاقان وحید خواجہ نے حکومت سے فوری ریلیف اور قیمتوں کی بحالی کا مطالبہ کیا

اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل اور راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے ایران امریکہ معاہدہ کو عالمی دنیا کے امن کے لیے خوش آئند قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں واضح کمی کرے اور جنگ شروع ہونے سے پہلے والی قیمتوں کی بحالی کا اعلان کرے ایک بیان میں چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی نے کہا کہ پوری دنیا نے دیکھ لیا کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں تمام تباہی کر کے بھی آپ کو ٹیبل پر ہی بیٹھنا پڑتا ہے اس معاہدے کے سلسلے میں میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ان کی ٹیم سمیت دیگر اہم حکومتی رہنماؤں کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے ایران امریکہ معاہدے کو منطقی انجام تک پہنچایا انہوں نے کہا کہ معاہدے کی تفصیلات تو سب کے سامنے آ چکی ہیں اور معاہدہ حتمی شکل اختیار کر جائے گا جس سے امید ہے کہ دنیا میں تمام شعبوں میں جو ترقی کی رفتار چل رہی تھی وہ اسی طرح برقرار رہے گی امن ضمانت ہے انسانیت کی انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان کو چاہیے کہ جنگ شروع ہونے سے پہلے جو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں تھیں فوراً ان کو اس سطح پر لایا جائے خود وزیر اعظم نے جب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بہت بڑا اضافہ کیا تھا تو انہوں نے واضح طور پر کہا تھا کہ جس وقت عالمی سطح پہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہوگی میں ایک لمحہ ضائع کیے بغیر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم کر دوں گا وزیر اعظم اپنا وعدہ پورا کریں اور غریب کو جینے کا حق دیں انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان عوامی قوت پارٹی غریب کے ساتھ ہیں اور ان کے مسائل حل کرنے کے لیے ہر پلیٹ فارم پر اپنی آواز بلند کریں گے



حکومت نے پیٹرولیم قیمتوں میں بڑی کمی کا اعلان کر دیا

پیٹرول 74 روپے اور ڈیزل 67 روپے فی لیٹر سستا کر دیا گیا

اسلام آباد (پی پی اے) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑی کمی کا اعلان کر دیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 74 روپے جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 67 روپے فی لیٹر کمی کی جا رہی ہے وزیر اعظم نے کہا کہ قوم سے کیا گیا وعدہ پورا کرنے جا رہے ہیں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ براہِ راست عوام کو منتقل کیا جا رہا ہے کمی کے بعد پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 373 روپے سے کم ہو کر 299 روپے جبکہ ڈیزل کی قیمت 378 روپے سے کم ہو کر 311 روپے فی لیٹر ہو جائے گی شہباز شریف کا کہنا تھا کہ عوام نے مشکل حالات میں صبر اور حوصلے کا مظاہرہ کیا حکومت عوامی مشکلات سے آگاہ ہے اور انہیں ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے گی

سانگھڑ میں اسٹار الیکٹرونکس کی دوکان میں آگ بھڑک اٹھی

لاکھوں روپیہ مالیت کا سامان جل کر خاکستر ہو گیا

سانگھڑ (نامہ نگار ڈاکٹر ارشاد جٹ) سانگھڑ کی مین شاہراہ الیکٹرونکس کی دکان میں آگ لگ گئی لاکھوں روپے مالیت کا نقصان تفصیلات کے مطابق رات گئے ایم اے جناح روڈ پر واقع اسٹار الیکٹرونکس کی دکان میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق اہلِ علاقہ اور دکاندار اپنی مدد آپ کے تحت آگ بجھانے میں مصروف ہو گئے اور بروقت کوششوں کے نتیجے میں آگ پر جلد قابو پا لیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق آگ لگنے کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی، تاہم واقعے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ دوکان میں پڑے سامان آگ سے لاکھوں روپے مالیت کا نقصان اٹھانا پڑا،



حکومت نے پیٹرولیم قیمتوں میں بڑی کمی کا اعلان کر دیا

پیٹرول 74 روپے اور ڈیزل 67 روپے فی لیٹر سستا کر دیا گیا

اسلام آباد (پی پی اے) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑی کمی کا اعلان کر دیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 74 روپے جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 67 روپے فی لیٹر کمی کی جا رہی ہے وزیر اعظم نے کہا کہ قوم سے کیا گیا وعدہ پورا کرنے جا رہے ہیں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ براہِ راست عوام کو منتقل کیا جا رہا ہے کمی کے بعد پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 373 روپے سے کم ہو کر 299 روپے جبکہ ڈیزل کی قیمت 378 روپے سے کم ہو کر 311 روپے فی لیٹر ہو جائے گی شہباز شریف کا کہنا تھا کہ عوام نے مشکل حالات میں صبر اور حوصلے کا مظاہرہ کیا حکومت عوامی مشکلات سے آگاہ ہے اور انہیں ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے گی



پاکستان اور پرتگال کا اقتصادی تعاون بڑھانے پر عزم کا اعادہ کیا

اسلام آباد میں یوم جمہوریہ تقریب، تجارت سرمایہ کاری اور آئی ٹی تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا

اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان اور پرتگال نے باہمی تعلقات کو مزید وسعت دینے، اقتصادی تعاون بڑھانے اور عوامی سطح پر روابط کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے تجارت سرمایہ کاری آئی ٹی قابل تجدید توانائی اور زراعت سمیت مختلف شعبوں میں موجود مواقع سے بھرپور استفادہ کرنے پر زور دیا ہے یہ بات وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پرتگال کے یوم جمہوریہ کے موقع پر منعقدہ ایک پروقار استقبالیہ تقریب میں کہی گئی جس کا اہتمام پاکستان میں پرتگال کے سفیر پاؤلو میگوئل گوئیڈیس ڈومنگو اور ان کی اہلیہ کارلا ڈومنگو نے کیا تقریب میں سفارتکاروں ارکان پارلیمنٹ حکومتی شخصیات کاروباری برادری سول سوسائٹی کے نمائندوں طلبہ اور پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے مداحوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے جبکہ وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ گورنر سندھ سید نہال ہاشمی وزیر سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک رکن قومی اسمبلی زین قریشی سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نظریہ پاکستان کونسل کے چیئرمین میاں محمد جاوید سینئر سفارتکاروں کاروباری شخصیات اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھی تقریب میں شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چوہدری سالک حسین نے وزیر اعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ اور پاکستانی عوام کی جانب سے پرتگال کی حکومت اور عوام کو یوم جمہوریہ کی مبارکباد پیش کی انہوں نے کہا کہ پاکستان پرتگال تعلقات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے بے شمار مواقع موجود ہیں انہوں نے کہا کہ بطور وزیر سرمایہ کاری انہیں دنیا بھر کے سرمایہ کاروں اور کاروباری شخصیات سے ملاقاتوں کا موقع ملا تاہم پرتگالی سرمایہ کاروں کی سنجیدگی پیشہ ورانہ صلاحیت اور نتائج پر توجہ انہیں نمایاں بناتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور پرتگال تجارت سرمایہ کاری ٹیکسٹائل زراعت قابل تجدید توانائی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں وسیع تعاون کر سکتے ہیں چوہدری سالک حسین نے پرتگال میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کو دونوں ممالک کے درمیان مضبوط پل قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہاں مقیم پاکستان